مدنی پھول
برائے ماہِ رمضان

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

# مدنی پھول برائے ماہِ رمضان

﴿عالمی مجلس مشاورت (دعوت اسلامی)﴾

مرحبا صد مرحبا پھر آمد رمضان ہے    کِھل اُٹھے مرجھائے دل تازہ ہوا ایمان ہے

(وسائل بخشش)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! ماہ رمضان المبارک میں مدنی عطیات کا کام ہوتا ہے اور "مدنی عطیات" دعوت اسلامی کے مدنی کاموں کے لئے ایندھن (Fuel) کی مانند ہیں چنانچہ اس کے لئے کوشش کرنا ہماری ذمہ داریوں میں شامل ہے۔

**دعائے عطار!** "جو مدنی عطیات کے لئے زیادہ سے زیادہ بھاگ دوڑ کرے یا اللہ اُسے اُس وقت تک موت نہ دینا جب تک وہ مدینہ نہ دیکھ لے۔" ﴿مدنی چینل پر مدنی مذاکرہ سلسلہ نمبر 397﴾

آیئے نیت کرتے ہیں کہ امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کی اس دُعا کو پانے اور اپنی مدنی تحریک کو مزید آگے پہنچانے کے لئے اپنے وقت، آرام اور نیند کی قربانی دے کر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عطا کردہ انفرادی کوشش کی صلاحیت کو بروئے کار لاتے ہوئے شرعی قیودات و تنظیمی پابندیوں اور اخلاص کے ساتھ خوب خوب مدنی عطیات کے لئے نہ صرف خود کوشش کریں گے بلکہ دیگر اسلامی بہنوں کو بھی ترغیب دلاتے رہیں گے۔ اِنْ شَاءَاللہ عَزَّوَجَلَّ

**یاد رہے کہ "مدنی پھول طے ہونے کے بعد اس کا نفاذ ہی اصل چیز ہے۔"**

(شورٰی و کابینہ کے مدنی مشورے کے مدنی پھول 22 تا 26 اگست 2013ء)

﴿1﴾ "مدنی پھول برائے ماہِ رمضان" کے مدنی مشورے سے قبل ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمہ داران کو یہ بتادیں کہ

i. مدنی مشورے کا دورانیہ 3 گھنٹے 19 منٹ ہو گا۔

ii. مدنی مشورے میں مکمل وقت شرکت کی جائے۔ (بہتر ہے کہ یہ ترکیب معمول والے ماہانہ مدنی مشورے میں ہی بنالی جائے۔)

﴿2﴾ مدنی پھول ملتے ہی ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمہ داران اور کابینہ مجلس مشاورت ذمہ داران براہِ راست علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران کو (شرعی سفر ہونے کی صورت میں بذریعہ ٹیلیفونک مدنی مشورہ) اور علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران حلقہ و ذیلی حلقہ مجلس مشاورت ذمہ داران کو متعلقہ مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز و کارکردگی فارمز بالخصوص "مدنی عطیات جمع کروانے کی تفصیلات (علاقہ کے لئے)" سمجھائیں تو اس کا دورانیہ 3 گھنٹے 19 منٹ ہو۔

☆ اگر مدنی مشورے میں کوئی ذمہ دار غیر حاضر رہے تو بعد میں اتنا ہی وقت دے کر مدنی پھول سمجھائے جائیں۔

☆ مدنی مشورے میں یہ بات بتادی جائے کہ اس شعبے سے متعلق پچھلے تمام پیپرز محفوظ کر لیئے جائیں کیونکہ اس میں حسبِ ضرورت ہونے والی ترمیم کو الگ کلر سے واضح کر دیا جاتا ہے۔

☆ ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمہ داران سے کنفرم (confirm) کر لیں کہ ان کے پاس پچھلے سال کے مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز موجود ہیں؟ اگر موجود ہوں تو اِس بار وہی پیپرز جس میں الگ رنگ سے اِضافہ کیا گیا ہے اُس کے پرنٹ نکال کر وہی post/ mail کروائے جائیں۔

☆ اگر پچھلے سال کے پیپرز موجود نہ ہوں تو مدنی پھول برائے ماہِ رمضان مع ریکارڈ پیپرز post/ mail یا پاؤڈر کاپی کروا کر دیں۔

☆ جن ذمہ داران کے پاس کلر پرنٹر / mail کی سہولت نہ ہو تو وہ متعلقہ مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز بلیک (black) والے ہی پرنٹ نکال کر جو اضافہ کیا گیا ہے اُسے ہائی لائٹ کر کے دینے کی ترکیب بنائیں۔ (یاد رہے! ہر سطح کی ذمہ دار اپنی ماتحت ذمہ داران کو وہی پیپرز post/ mail / پاؤڈر کاپی کروا کر دیں جس کی اُنھیں ضرورت ہو)

﴿3﴾ عطاری کابینات کی کابینات ذمہ دار اسلامی بہن ماہِ رجب المرجب کے اِبتدائی دِنوں میں پمفلٹ "**ماہِ رمضان میں گُناہ کرنے والے کی قبر کا بھیانک منظر**" اور اس کے طُغرے جتنی تعداد میں ضرورت ہو اس نمبر 0321-3364583 پر آرڈر بُک کروائیں جبکہ عطاری کابینات کے علاوہ پاکستان کی دیگر کابینات ذمہ داران اس نمبر 0311-2526020 پر رابطہ فرمائیں۔ اور بیرونِ مُلک کی ذمہ داران، مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (کابینات سطح) کے ذریعے ترکیب بنائیں۔

# ایصالِ ثواب کی ترکیب

﴿1﴾ ماہِ شعبان المعظم کے ابتدائی ایام میں "**نیک اعمال کا ایصالِ ثواب برائے مبلغِ دعوتِ اسلامی مرحوم نگرانِ شوریٰ حاجی مشتاق عطاری علیہ رحمۃ اللہ الباری** (ذیلی حلقہ تا ملک سطح)" کے ذریعے ایصالِ ثواب کی ترکیب بنائی جائے۔ (یہ فارمز (ذیلی حلقہ تا عالمی سطح) ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ کابینات ذمہ دار اسلامی بہن 12 شعبان المعظم تک "**نیک اعمال کا ایصالِ ثواب برائے مبلغِ دعوتِ اسلامی مرحوم نگرانِ شوریٰ حاجی مشتاق عطاری** علیہ رحمۃ اللہ الباری (**کابینات سطح**)" پُر فرما کر ملک ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں۔

☆ ملک ذمہ دار اسلامی بہن 14 شعبان المعظم تک "**نیک اعمال کا ایصالِ ثواب برائے مبلغِ دعوتِ اسلامی مرحوم نگرانِ شوریٰ حاجی مشتاق عطاری** علیہ رحمۃ اللہ الباری (**ملک سطح**)" پُر فرما کر متعلقہ رکن عالمی مجلسِ مشاورت کو بذریعہ mail جمع کروائیں۔

☆ رکن عالمی مجلس مشاورت 16 شعبان المعظم تک "**نیک اعمال کا ایصالِ ثواب برائے مبلغِ دعوتِ اسلامی مرحوم نگرانِ شوریٰ حاجی مشتاق عطاری** علیہ رحمۃ اللہ الباری (**ممالک سطح**)" پُر فرما کر عالمی مجلسِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو بذریعہ mail جمع کروائیں۔

☆ جامعات ذمہ دار (عالمی سطح)، مدرسۃ المدینہ بنات ذمہ دار (عالمی سطح) اور دارالمدینہ ذمہ دار (عالمی سطح) "**نیک اعمال کا ایصالِ ثواب برائے مبلغِ دعوتِ اسلامی مرحوم نگرانِ شوریٰ حاجی مشتاق عطاری** علیہ رحمۃ اللہ الباری" پُر فرما کر 16 شعبان المعظم تک عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار کو جمع کروائیں۔ (یہ تمام فارمز جامعہ، مدرسہ اور دارالمدینہ کے مدنی پھولوں میں موجود ہیں)

☆ عالمی مجلسِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن 18 شعبان المعظم تک "**نیک اعمال کا ایصالِ ثواب برائے مبلغِ دعوتِ اسلامی مرحوم نگرانِ شوریٰ حاجی مشتاق عطاری** علیہ رحمۃ اللہ الباری (**عالمی سطح**)" نگرانِ مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں (رکن شوریٰ) کو mail کر دیں۔

# مدنی مذاکرہ کی ترکیب

﴿1﴾ ماہِ رمضان میں چونکہ شیخِ طریقت امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ مدنی مذاکرے میں اسلامی بہنوں کے لیے مدنی مذاکرے کا وقت عطا فرماتے ہیں چنانچہ نصف شعبان المعظم کے بعد "**امیرِ اہلسنت کے اسلامی بہنوں کے لیے مدنی مذاکرے کا وقت عطا فرمانے پر اسلامی بہنوں کی طرف سے اچھی اچھی نیتوں کے تحائف** (**ذیلی حلقہ تا ملک سطح**)" کے ذریعے "مدنی تحائف" کی ترکیب بنائی جائے۔

☆ کابینات ذمہ دار اسلامی بہن 24 شعبان المعظم تک "**امیرِ اہلسنت کے اسلامی بہنوں کے لیے مدنی مذاکرے کا وقت عطا فرمانے پر اسلامی بہنوں کی طرف سے اچھی اچھی نیتوں کے تحائف** (**کابینات سطح**)" پُر فرما کر ملک ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں۔

☆ ملک ذمہ دار اسلامی بہن 26 شعبان المعظم تک "**امیرِ اہلسنت کے اسلامی بہنوں کے لیے مدنی مذاکرے کا وقت عطا فرمانے پر اسلامی بہنوں کی طرف سے اچھی اچھی نیتوں کے تحائف** (**ملک سطح**)" پُر فرما کر متعلقہ رکن عالمی مجلسِ مشاورت کو بذریعہ mail جمع کروائیں۔

☆ رکن عالمی مجلسِ مشاورت 1 رمضان المبارک تک **"امیرِ اہلسنت کے اسلامی بہنوں کے لیے مدنی مذاکرے کا وقت عطا فرمانے پر اسلامی بہنوں کی طرف سے اچھی اچھی نیتوں کے تحائف** (**ممالک سطح**)" پُر فرما کر عالمی مجلسِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو بذریعہ mail جمع کروائیں۔

☆ عالمی مجلسِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن 3 رمضان المبارک تک "**امیرِ اہلسنت کے اسلامی بہنوں کے لیے مدنی مذاکرے کا وقت عطا فرمانے پر اسلامی بہنوں کی طرف سے اچھی اچھی نیتوں کے تحائف** (**عالمی سطح**)" نگران مجلس مدنی کابرائے اسلامی بہنیں (رکنِ شوریٰ) کو mail کردیں۔(یہ فارمز ذیلی حلقہ تا عالمی سطح ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ جامعات ذمہ دار (عالمی سطح)، مدرسۃ المدینہ بنات ذمہ دار (عالمی سطح) اور دارالمدینہ ذمہ دار (عالمی سطح) "**امیرِ اہلسنت کے اسلامی بہنوں کے لیے مدنی مذاکرے کا وقت عطا فرمانے پر اسلامی بہنوں کی طرف سے اچھی اچھی نیتوں کے تحائف**" پُر فرما کر 24 شعبان المعظم تک عالمی مجلس مشاوروت ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں۔

﴿2﴾ ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہنوں کو چاہیئے کہ ماہِ رمضان کی آمد پر شیخِ طریقت امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کے سونے سے زیادہ قیمتی مدنی پھول حاصل کرنے کے لیے اپنا جدول اس طرح مُرتّب فرمائیں کہ مدنی مذاکرات بآسانی سُن سکیں۔

☆ نیز ذیلی تا عالمی سطح کی ذمہ داران مع شعبہ جات ذمہ داران اپنی ماتحت ذمہ داران سے مدنی مذاکرات سُننے کی کارکردگی بھی لیں تاکہ اسلامی بہنیں پابندی کے ساتھ مدنی مذاکرات سُننے کا سلسلہ جاری رکھیں۔ (مدنی مذاکرات کی کارکردگی کے حُصول کے لیے کارکردگی فارم کانمونہ ملاحظہ فرمائیں)

**ماہ رمضان**

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ذیلی حلقہ______ **مدنی مذاکرات سننے کی کارکردگی** (**ماہ رمضان**)

| نمبر شمار | نام اسلامی بہن (ام/بنت) | تنظیمی ذمہ داری (اگر ہوتو) | کیا اکثر دن بعدِ ظہر ہونے والا مدنی مذاکرہ سُنا؟ | کیا اکثر دن بعدِ عشاء ہونے والا مدنی مذاکرہ سُنا؟ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | |
| 2 | | | | |
| 3 | | | | |

☆ آدھے سے زیادہ کو اکثر کہتے ہیں۔

☆ متعلقہ ذمہ دار کارکردگی بہتر ہونے کی صورت میں مدنی تحفہ دے کر اسلامی بہنوں کی حوصلہ افزائی فرمائیں کمی ہونے کی صورت پر احسن انداز سے تفہیم کریں۔

# مدنی عطیات

﴿1﴾ ”**مدنی عطیات جمع کروانے کی تفصیلات** (ذیلی تا عالمی کے لئے)، (**مدرسۃ المدینہ**(بالغات) و (للبنات) (**علاقے کے تحت چلنے والے مدارس**) کے لئے)“کے ذریعے تمام ذمہ داران کو اعتماد میں لے کر بخوشی ہدف کی ترکیب (فی منسلک=/6300 کے حساب سے)بنائی جائے۔بیرون ملک والے اپنے ملک کی کرنسی کے مطابق(فی منسلک کے حساب سے) ہدف کی ترکیب بنائیں۔(یہ فارمز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

﴿2﴾ مدنی عطیات جمع کرنے کی ترکیب یوں بنائی جائے:

i. سب سے پہلے اُن سے رابطہ کیا جائے جو پہلے مدنی عطیات دیتی تھیں،اِس مرتبہ کتنا بڑھا کر دیں گی؟

ii. پھر وہ لِسٹ(list) بنائی جائے جو 12 ماہ میں رابطے میں آئیں، پھر اُن پر بھی مدنی عطیات کے لیے اِنفرادی کوشش کی جائے۔

iii. بعض اوقات پُرانی ذمہ داران بیماری / پریشانی / کسی مجبوری کے سبب اب ذمہ داری پر نہ ہوں تو ماہِ رجب المرجب میں بالخصوص اُن کی مزاج پُرسی کرتے ہوئے مدنی عطیات جمع کرنے کی ترغیب دلائی جائے اور اہداف بھی دیئے جائیں کیونکہ عوام اسلامی بہنیں اُن کو جان پہچان کی وجہ سے مدنی عطیات دیتی ہیں۔

☆ ہر ذمہ دار اپنی ماتحت ذمہ داران سے ذاتی ہدف بھی لیں اور انہیں یہ ذہن دیں کہ وہ اپنے ذاتی مدنی عطیات بغیر کسی حیل وحجت کے دعوت اسلامی کو دیں نیز اپنے رشتے داروں اور پڑوسیوں پر بھی اس سلسلے میں انفرادی کوشش کریں۔

☆ ذیلی مجلس مشاورت ذمہ داران اپنی تمام ذمہ دار اسلامی بہنوں، مدرسۃ المدینہ (بالغات) اور مدرسۃ المدینہ (للبنات) (جو علاقے کے تحت چل رہے ہیں) کی مُدرّسات کو اور مُدرّسات کے ذریعے تمام پڑھنے والیوں کو ہدف دینے کی ترکیب بنائیں۔

☆ جامعۃ المدینہ(للبنات) / مدرسۃ المدینہ (للبنات) / دارالمدینہ (للبنات) / مدرسۃ المدینہ آن لائن کی وہ طالبات و معلمات جو تنظیمی ذمہ دار بھی ہوں تو وہ اپنی ماتحت ذمہ داران سے مدنی عطیات لے کر علاقے ہی میں جمع کروائیں البتہ اپنے ذاتی مدنی عطیات (جو رشتے داروں، پڑوسیوں وغیرہ سے وصول کریں) پر انہیں اختیار ہے کہ چاہیں تو جامعۃ المدینہ / مدرسۃ المدینہ / دارالمدینہ (للبنات) / مدرسۃ المدینہ آن لائن میں جمع کروائیں یا چاہیں تو علاقے میں جمع کروائیں۔

☆ مجلس رابطہ ذمہ داران(علاقہ تا ملک سطح) مدنی ذہن رکھنے والی شخصیات پر بھی مدنی عطیات کے سلسلے میں انفرادی کوشش فرمائیں اور تمام مجلس رابطہ ذمہ داران (ڈویژن سطح) مجلس رابطہ ذمہ داران (علاقہ سطح) کو مدنی عطیات کا ہدف بھی دیں اور اِسے پورا کرنے کا طریقہ کار بھی بتائیں مثلاً علاقے کی تمام شخصیات(مخیر) اسلامی بہنوں کی فہرست تیار کر کے ان سے خصوصی ملاقات کریں اور ان پر مدنی عطیات کے لئے بھرپور انفرادی کوشش کریں۔(یاد رہے مجلس رابطہ ذمہ داران(علاقہ تا ملک سطح) کے ذریعے جمع ہونے والے مدنی عطیات متعلقہ ذیلی مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کے پاس ہی جمع ہوں گے)

☆ اگر کسی کابینات میں تعویذات عطاریہ (للبنات) کا بستہ لگتا ہو تو کابینات ذمہ دار اسلامی بہن "**مدنی عطیات جمع کروانے کی تفصیلات**(**مجلس تعویذات عطاریہ کی ذمہ داراسلامی بہن** (**کابینات سطح**)"کی مدد سے مجلس تعویذات عطاریہ کی ذمہ دار اسلامی بہن (کابینات سطح) کو اعتماد میں لے کر بخوشی ہدف کی ترکیب بنائیں۔(یہ پیپر زریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

﴿3﴾ "**مدنی عطیات جمع کرنے سے متعلق معاون مدنی پھول**" کے مطابق مدنی عطیات جمع کئے جائیں۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿4﴾ کابینہ / کابینات / ملک / اراکینِ عالمی مجلس مشاورت مع عالمی مجلس شعبہ جات ذمہ داران ماہِ شعبان اور ماہِ رمضان میں الگ الگ ڈویژن میں جا کر جملہ ذمہ داران کو تربیتی بیان کے ذریعے مدنی عطیات کا ہدف پورا کرنے اور کوشش مزید تیز کرنے سے متعلق بھرپور ترغیب دلائیں۔

☆ بیان میں مدنی عطیات جمع کرنے کا طریقہ واضح طور پر بتایا جائے تاکہ ذمہ داران کو اپنے بھائی، بہن، پڑوسن، پھوپھی، چاچا، خالہ، ماموں اور اسکول، سلائی سینٹرز وغیرہ میں پڑھنے پڑھانے والیوں پر انفرادی کوشش کرنا اور احسن انداز سے اُن کے عُذر کے جوابات دینا آجائیں۔ اِس کے علاوہ

i. زکوٰۃ کس پر فرض ہے؟
ii. زکوٰۃ کس کو دے سکتے ہیں؟ اور کس کو نہیں دے سکتے؟
iii. زکوٰۃ نہ دینے کا عذاب۔
iv. دعوتِ اسلامی کن کن شعبوں پر کام کرتی ہے اور اس کے کتنے اخراجات ہیں؟ اور اس میں مسلمانوں کی کتنی اِصلاح پوشیدہ ہے؟
v. معاشرے کی بدحالی بتائی جائے مثلاً چوری، قتل وغارتگری، بدنگاہی، فیشن پرستی، والدین پر ظلم وغیرہ وغیرہ
vi. ذمہ داران اللہ عَزَّوجل کی رِضا کے لیے اپنی جھجک کو دور کرنے اپنے اور اپنے والدین کے صدقۂ جاریہ کے لیے یہ کام کریں۔ (یہ سب مدنی پھول بیان میں شامل کیئے جائیں) مزید بہارِ شریعت، حصہ ۵ میں "صدقاتِ نفل کا بیان" اور سیّدی اعلیٰ حضرت عَلَیْہِ رَحْمَۃُ رَبِّ الْعِزَّت کا رسالہ "**راہِ خُدا میں خرچ کرنے کا ثواب**"، اور مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کُتب "**چندے کے بارے میں سوال جواب**"، "**ضیائے صدقات**" اور "**فیضانِ زکوٰۃ**" کا مدنی مشوروں اور اِجتماعات میں پڑھنا، سُننا اور بیان کرنا بے حد مُفید رہے گا۔

☆ اس کے علاوہ موقع کی مناسبت سے وقتاً فوقتاً ذمہ دار اسلامی بہنوں سے، خصوصاً کابینہ وڈویژن مجلس مشاورت ذمہ داران اور جامعۃ المدینہ (للبنات)، مدرسۃ المدینہ (للبنات)، دارالمدینہ (للبنات) اور تعویذات عطاریہ (للبنات) کی ذمہ داران سے بھی فون پر رابطہ کرکے نیز جب بھی ملاقات ہو تو انہیں احسن طریقے سے ہدف پورا کرنے پر توجہ دینے اور کوشش کرتے رہنے کی ترغیب دلائی جائے۔ (یادرہے! مذکورہ بالا شعبہ ذمہ داران کے ذریعے ملنے والے مدنی عطیات ہدف میں شمار نہیں ہوں گے)

☆ ذیلی حلقوں تک اس ترکیب سے ترغیب کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔

﴿5﴾ مدرسۃ المدینہ (بالغات) وللبنات (وہ مدرسے جو علاقے کے تحت چل رہے ہیں) میں جاکر علاقہ مجلسِ مشاورت مع شعبہ جات ذمہ داران (علاقہ سطح) اداروں میں جاکر کم از کم 26 منٹ راہِ خدا میں خرچ کرنے کے فضائل پر بیان فرمائیں اور دعوتِ اسلامی کے مصارف و مدنی بہاریں بتاکر دعوتِ اسلامی کو اپنے مدنی عطیات دینے کی بھرپور ترغیب دلائیں۔

(مدارس میں بہتر ہے کہ مدرسۃ المدینہ (بالغات) ذمہ داران (حلقہ و علاقہ سطح) کے ذریعے یہ ترکیب بنائی جائے اور اُس دن مدرسے کے جدول میں شامل "تربیت" کی ترکیب نہ ہو۔)

﴿6﴾ علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران رجب المرجب کے تیسرے ہفتے سے شوال المکرم کے دوسرے ہفتے تک تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات، تربیتی اجتماع ﴿جس میں شہزادیٔ عطار سلمہا الغفار، عالمی مجلسِ مشاورت، کابینات اور کابینہ ذمہ دار اسلامی بہن تشریف فرما ہوں﴾ اور تربیتی حلقے میں کسی خود اعتماد اور معتبر اسلامی بہن کو رسید بک دے کر مدنی عطیات کے بستے کی ترکیب درج ذیل انداز سے بنائیں۔

i. 1 ڈبّہ رکھا جائے جس پر بڑے حروف سے یہ لکھا ہو "زکوٰۃ و فطرہ (صدقاتِ واجبہ)"

ii. وہاں بینر بھی لگایا جائے۔("**بینر کا نمونہ**" ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

iii. بہتر ہے کہ وہاں پر خادمۂ حفاظتی امور کی بھی ترکیب ہو۔

(یاد رہے کہ سنتوں بھرے اجتماع و تربیتی حلقے میں خادمہ حفاظتی اُمور کی ترکیب وہیں ہو جہاں شرکاء کی تعداد کم از کم 63 ہو)

iv. وہاں پر اسلامی بہن وقتاً فوقتاً (آواز کے پردے کے ساتھ) یہ اعلان بھی کرتی رہے کہ "اپنی زکوٰۃ اور فطرہ دعوتِ اسلامی کو دے کر نیکی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں"۔

v. اگر کوئی نفلی صدقات بھی دے دے تو پھر ان کو "**مدنی عطیات بکس**" (جو 12 ماہ اجتماع میں رکھے ہوتے ہیں) میں ڈال دیا جائے اور حسبِ معمول اس کی ترکیب بنائی جائے۔

vi. "مدنی عطیات بکس" نہ ہونے کی صورت میں اُن "نفلی صدقات" کو جُدا رکھیں اور کارکردگی فارم میں موجود مدّات میں شامل کرلیں۔

vii. ہر ہفتے سنتوں بھرے اجتماعات اور تربیتی حلقے میں ڈبے کی رقم کی رسید کاٹ لی جائے پھر سنتوں بھرے اجتماعات کی رقم متعلقہ ذیلی مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروادی جائے۔

viii. تربیتی حلقے اور جہاں شہزادیٔ عطار سلمہا الغفار / عالمی مجلسِ مشاورت / ملک / کابینات / کابینہ ذمہ دار اسلامی بہنیں تشریف لائیں وہاں کی رقم علاقہ مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروادی جائے۔

﴿7﴾ ذیلی تا عالمی مجلس مشاورت ذمہ داران مع شعبہ جات ذمہ داران (ذیلی تا عالمی سطح) میں سے اگر کوئی ماہ رمضان المبارک میں عمرے پر جانا چاہیں تو انہیں حکمت عملی کے ساتھ یہ ذہن دیا جائے کہ "عوام کا رجحان چونکہ رمضان المبارک میں نیکیوں کی طرف زیادہ ہوتا ہے اور گناہوں کا زور ٹوٹتا ہے لہٰذا اِن دِنوں اسلامی بہنوں کا رُخ اجتماعات وغیرہ میں زیادہ ہوتا

ہے اور اگر ایسے موقع پر ذمہ داران عمرے کے لئے چلی گئیں تو نئی نئی اسلامی بہنوں پر انفرادی کوشش نہیں ہو سکے گی۔ اس کے علاوہ مدنی عطیات جمع کرنا ایسا اہم کام ہے کہ جس کی وجہ سے پورا سال مدنی کاموں کو فائدہ ہوتا ہے لہٰذا اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ رمضان المبارک میں اپنے شہر میں مدنی عطیات جمع کرنے اور کروانے کی سعادت حاصل کریں۔

امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ مدنی مذاکرے میں ارشاد فرماتے ہیں کہ **"ماہِ رمضان میں عمرہ پر نہ جایا جائے بلکہ شعبان میں جائیں اور رمضان کے شروع کے 4، 3 دن تک واپس آجائیں۔"** ربیع النور شریف میں عمرہ کرنے کا ذوق ہی الگ ہے، مہینے تو دونوں مبارک ہیں مگر چونکہ ربیع النور شریف میں ایسے تنظیمی کام زیادہ نہیں ہوتے جو رمضان المبارک میں ہوتے ہیں، لہٰذا ربیع النور شریف مدینے شریف میں گزاریں۔"

﴿8﴾ جو ذیلی تا عالمی مجلس مشاورت ذمہ داران مع شعبہ جات ذمہ داران (ذیلی تا عالمی سطح) اعتکاف میں بیٹھنے کی خواہش مند ہوں تو ایسی صورت میں انہیں احسن طریقے سے حکمت عملی سے یہی ذہن دیا جائے کہ مدنی عطیات جمع کرنے اور کروانے کا کام بہت زیادہ اہم ہے لہٰذا اُمت کی خیر خواہی کے جذبے کے تحت اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ مدنی عطیات کی ہی ترکیب بنائیں اِن شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اچھی اچھی نیتوں کی وجہ سے ثواب کمانے کا عظیم موقع ہاتھ آئے گا۔

﴿9﴾ علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران بچوں کے ابّو یا اپنے محارم کے ذریعے علاقہ نگران اسلامی بھائی سے رسید بُکس منگوا لیں۔

☆ علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران کو رسید بُکس نہ ملنے کی صورت میں کابینہ مجلس مشاورت ذمہ داران، مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (کابینہ سطح) کی محرمہ / بچوں کی امی ّ کے ذریعے اُن سے رسید بکس منگوا کر متعلقہ ڈویژن مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کے ذریعے علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران تک پہنچا دیں۔

﴿10﴾ علاقوں میں اسلامی بھائیوں کی طرف سے رسید بکس نہ ملنے کی جو وجوہات کابینہ مجلس مشاورت ذمہ داران کو ڈویژن مجلس مشاورت ذمہ داران کے ذریعے ملیں تو وہ مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (کابینہ سطح) کی محرمہ / بچوں کی امی ّ کے ذریعے ان تک یہ "پیغام کابینہ__________ڈویژن_________علاقہ_______کے نگران رابطہ نمبر____________نے علاقہ ذمہ دار کو مدنی عطیات کے سلسلے میں رسید بکس دینے سے یہ کہہ کر انکار کر دیا ہے کہ__________________برائے کرم ان کی اصلاح کر دی جائے"۔ پہنچا دیں۔

☆ مسئلہ حل نہ ہونے کی صورت میں یہی پیغام کابینات ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچا دیا جائے اور وہ مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (کابینات سطح) کی محرمہ / بچوں کی امی ّ کے ذریعے یا بذریعہ mail اُن تک پہنچا دیں۔

﴿11﴾ کابینہ مجلس مشاورت ذمہ داران رجب المرجب کے دوسرے ہفتے تک "مدنی عطیات جمع کروانے کی تفصیلات (علاقہ کے لئے)" کے سادہ فارم کی پاؤڈر کاپی کرواکر مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (کابینہ سطح) کی محرمہ کے ذریعے اُن کو اِس عرض کے ساتھ ضرور بھجوادیں کہ "آپ تمام ڈویژن نگران اسلامی بھائی کے ذریعے تمام نگران علاقائی مشاورت کو بتادیجئے گا کہ آپ کو اس فارم کے ذریعے ہر ہفتے مدنی عطیات ملا کریں گے، آپ برائے کرم اس پر ہاتھوں ہاتھ دستخط کرکے دے دیجئے گا اگر کسی مجبوری کی بناء پر آپ وصولی و دستخط کی ترکیب نہ بنا سکیں تو اپنا نعم البدل بھی بنادیجئے گا اور اس کی اطلاع بھی دے دیجئے گا۔"

﴿12﴾ "**مدنی عطیات جمع کروانے سے قبل کے اہم مدنی کام**(ماہِ رمضان)" کے مطابق ہفتے کے ہفتے جمع ہونے والے مدنی عطیات ذیلی مجلس مشاورت ذمہ داران، حلقہ مجلسِ مشاورت ذمہ داران کو اور حلقہ مجلس مشاورت ذمہ داران، علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران کو اور علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران اپنے محرم یا بچّوں کے ابّو کے ذریعے یا علاقہ نگران اسلامی بھائی کی محرمہ یا بچّوں کی امّی کے ذریعے علاقہ نگران اسلامی بھائی کو جمع کروائیں۔ نیز جمع کرواتے وقت "مدنی عطیات جمع کروانے کی تفصیلات(علاقہ کے لیے)" میں مدنی عطیات وصول کرنے والے سے دستخط لازمی کروائے جائیں اور دستخط والے پیپر کی بھی ہفتے کے ہفتے پاؤڈر کاپی کرواکر اپنے پاس رکھتی جائیں۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

i. عطیات کیش کی صورت میں موصول ہوں تو جلد از جلد ایک یا دو دن سے زیادہ اپنے پاس گھر / مدرسے / جامعہ وغیرہ میں نہ رکھیں کہ اِس میں آزمائش ہی آزمائش ہے لہٰذا تنظیمی ترکیب کے مطابق ذیلی مشاورت کی اسلامی بہن متعلقہ ذیلی ذمہ دار کو، ذیلی ذمہ دار حلقہ ذمہ دار کو، حلقہ ذمہ دار علاقہ ذمہ دار کو اور علاقہ ذمہ دار علاقہ نگران اسلامی بھائی کو فوری طور پر تنظیمی ترکیب کے مطابق مدنی عطیات مدات کی وضاحت کے ساتھ جمع کروا کر رسید ضرور حاصل فرمائیں۔

ii. اگر کیش فوری طور پر جمع کروانا ممکن نہ ہو تو پھر کسی محفوظ جگہ پر حفاظت کے ساتھ ہی رکھیں اور جیسے ہی ممکن ہو فوری طور پر متعلقہ ذمہ دار کو جمع کروادیں، یاد رہے اس صورت میں حفاظت کا بھرپور اہتمام ہونا چاہیئے، جان بوجھ کر سُستی کرنا آپ کے لئے آزمائش کا سبب بن سکتا ہے۔ نیز نقصان کی صورت میں تاوان کی صورت بھی بن سکتی ہے۔ محتاط سدا سُکھی رہتا ہے۔

iii. دیگر ذمہ داران بھی اپنے متعلقہ ذمہ دار (ذیلی تا علاقہ سطح) کو عطیات جمع کرواتے وقت عطیات رسید ضرور حاصل فرمائیں اور اس پر مکمل تفصیلات کا اِندراج چیک فرمالیں، رسید برائے وصولی پر بھی عطیات جمع کروانے والے کا نام، ایڈریس، فون نمبر، ذمہ داری، ذیلی حلقہ / حلقہ / علاقہ / ڈویژن / کابینہ وغیرہ کی تفصیلات ضرور لکھی جائیں۔

iv. ہر ذمہ دار اپنی ماتحت اسلامی بہنوں سے عطیات وصولی کے لیے ایک رسید بُک الگ کرلیں اور اُس ہی پر وصولی دیں اگر مدات زیادہ ہوں اور رسید پر کالم کم ہوں تو رسید کی پچھلی طرف دیگر مدات کا اِندراج دونوں رسیدوں پر کیا جائے یعنی رسید اپنے پاس رکھ کر آگے جمع کروانے کے لیے ہوگی اور جو وصولی کے طور پر دی جا رہی ہے۔

﴾13﴿ **"مدنی عطیات جمع کروانے کی تفصیلات"** (ذیلی تا عالمی سطح کے لیے) یہ فارمز ہر سطح پر حساب کتاب میں ماہر ایسی اسلامی بہن سے پُر کروائے جائیں جن کی لکھائی چھوٹی مگر واضح ہو اور اُنہیں گِنتی لفظوں میں بھی لکھنا آتی ہو۔ اگر ہر سطح کی مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن میں یہ صلاحیت ہو تو وہ خود ہی پُر فرمالیں بصورت دیگر ایسی اسلامی بہن کی ترکیب بنائی جائے تاکہ غَلَطی کا اِمکان نہ رہے۔

﴾14﴿ اپنی ماتحت ذمہ داران کو مدنی عطیات کی وصولی کے لیے جتنی رسیدیں دی جائیں تو وصول کرتے وقت یہ بھی غور کرلیا جائے کہ یہ رسیدیں مکمل ہیں یا نہیں؟ بصورت دیگر توجّہ دلا کر مکمل کرلی جائیں۔

☆ اُنھیں بتایا جائے کہ رسید بُک کا محتاط استعمال نہ کرنے اور بَروقت واپسی جمع نہ کروانے کی صورت میں غلط استعمال بھی ہوسکتا ہے۔ جو لوگ رسیدیں وصول کرتے ہیں یہ اُن کے پاس اَمانت ہے، اَمانت میں خَیانت کرنا گُناہ ہے۔ رسیدیں بِالکل بھی واپس نہ کرنا یا اپنی کوتاہی سے انہیں گُم کردینا ناجائز و گُناہ ہے۔ جو رسیدیں موجود ہیں اُن کو واپس کرنا اور جو گُم ہوئی اُن کا تاوان ادا کرنا اُن کے ذِمّے لازم ہے۔

﴾15﴿ کابینہ مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن شوال المکرم کی 8 تاریخ تک **"مدنی عطیات جمع کروانے کی تفصیلات(ڈویژن کے لئے)"** وصول فرمالیں اور ساتھ ہی ہر ڈویژن کے ہر علاقے کا (علاقوں کی گورنمنٹ ناموں کی لسٹ کے مطابق) "مدنی عطیات جمع کروانے کی تفصیلات (علاقہ کے لئے)" وصول فرما کر **"مدنی عطیات ری چیک کرنے والی کے لئے مدنی پھول"** کی مدد سے ری چیکنگ کی ترکیب بنائیں۔ "(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ شوال المکرم کی 10 تاریخ تک **"مدنی عطیات جمع کروانے کی تفصیلات (کابینہ کے لئے)"** پُر فرما کر کابینات ذمہ دار اسلامی بہن کو اور ساتھ ہی کابینہ کے تمام ڈویژن و علاقوں کے ری چیکنگ کئے ہوئے فارمز کی فائل مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (کابینہ سطح) کو بھی جمع کروادیں۔

☆ مجلس تعویذات عطاریہ کی ذمہ دار اسلامی بہن(کابینات سطح) "مدنی عطیات جمع کروانے کی تفصیلات (مجلس تعویذات عطاریہ کی ذمہ دار اسلامی بہن (کابینات سطح)" 10 شوال المکرم تک کابینات مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن اور مجلس تعویذات عطاریہ کی مجلس کے اسلامی بھائی کو جمع کروادیں۔("مدنی عطیات جمع کروانے کی تفصیلات (مجلس تعویذات عطاریہ کی ذمہ دار اسلامی بہن(کابینات سطح وبستے کی ناظمہ)"ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ کابینات ذمہ دار اسلامی بہن "مدنی عطیات جمع کروانے کی تفصیلات(کابینہ کے لئے)"ری چیک کرکے پھر اس کی مدد سے "مدنی عطیات جمع کروانے کی تفصیلات(کابینات کے لئے)" پُر کرکے شوال المکرم کی 12 تاریخ تک ملک سطح کی ذمہ دار اسلامی بہن کو Mail کروانے کے ساتھ ساتھ مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار اسلامی بھائی (کابینات سطح) کو بھی جمع کروادیں۔(ذیلی تا کابینات سطح) ری چیکنگ کو یقینی بنایا جائے)

☆ ذیلی حلقہ تا کابینات مجلس مشاورت ذمہ داران "مدنی عطیات جمع کروانے کی تفصیلات" کا فارم جمع کروانے کے لیے بالترتیب علاقہ/ڈویژن/کابینہ/کابینات کے وسط میں (اگر شرعی سفر نہ ہو تو) متعلقہ ذمہ داران کو بُلا کر مدنی مشورے کے ذریعے اچھی طرح follow up (واضح و صاف لکھائی میں فارم مکمل پُر نہ ہونا وغیرہ پر توجّہ) فرماتے ہوئے ماتحت ذمہ داران سے کارکردگی فارم وصول کرنے اور اس کی مدد سے ہاتھوں ہاتھ اپنی کارکردگی تیار کرنے کی ترکیب بنائیں تاکہ ہر طرح کی اَغلاط سے بچتے ہوئے دُرست و حقیقی کارکردگی تیار ہو سکے۔

☆ ملک ذمہ دار اسلامی بہن شوال المکرم کی 14 تاریخ تک "مدنی عطیات جمع کروانے کی تفصیلات(ملک سطح)" مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (ملک سطح) کو جمع کروانے کے ساتھ ساتھ متعلقہ رکن عالمی مجلسِ مشاورت کو بذریعہ mail جمع کروائیں۔

☆ رکن عالمی مجلس مشاورت شوال المکرم کی 18 تاریخ تک "مدنی عطیات جمع کروانے کی تفصیلات(ممالک کے لیے)" عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو بذریعہ mail جمع کروادیں۔

☆ عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن شوال المکرم کی 20 تاریخ تک "مدنی عطیات جمع کروانے کی تفصیلات(عالمی سطح)" نگران مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں (رکن شوریٰ) کو بذریعہ mail جمع کروادیں۔

﴿16﴾ ذیلی تا عالمی مجلس مشاورت ذمہ داران مع شعبہ جات ذمہ داران (ذیلی تا عالمی سطح) ذاتی طور پر اور انفرادی کوشش کے ذریعے جمع ہونے والے مدنی عطیات اپنی رہائشی ذیلی ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں۔

﴿17﴾ ذیلی تا عالمی سطح پر جتنے مدنی عطیات جمع ہوں اُس کا ذکر ہر ایک سے نہ کیا جائے۔

﴾18﴿ ہدف پورا ہونے پر علاقے میں عید ملن پارٹی کا اہتمام نہ کیا جائے، بلکہ اسلامی بہنوں کی حوصلہ افزائی کے لئے تربیتی حلقے میں ہی مدنی تحفہ دینے کی ترکیب بنائی جائے۔

﴾19﴿ ذیلی تا کابینات سطح مع تمام شعبہ جات ذمہ داران بالترتیب مدنی عطیات کا ہدف پورا ہونے پر ذمہ داران کو مدنی تحفہ (کتب ورسائل / کیسٹ / V.C.D) دے کر حوصلہ افزائی فرمائیں۔(یادرہے مدنی عطیات سے تحفہ دینے کی اجازت نہیں)

☆ جس کتاب / کیسٹ / V.C.D کا تحفہ دیا جائے تو یہ نیّت بھی کروائی جائے کہ "کتنے دن میں پڑھ، سُن یا دیکھ لیں گی؟"

# اعلانات

﴾1﴿ علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران، ذیلی مجلس مشاورت ذمہ داران کے ذریعے تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں اعلانات کے وقت "**رجب المرجب ، شعبان المعظم اور رمضان المبارک کے دوسرے ہفتے کرنے والا اعلان**" کرنے کی ترکیب بنائیں۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ مزید ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں وقتاً فوقتاً درج ذیل اعلانات کئے جائیں۔(یاد رہے! اس کے لیے اعلانات کا دورانیہ نہ بڑھایا جائے بلکہ اتنے ہی وقت میں ایڈجسٹ کر لیا جائے)

i. شرکاءِ اجتماع کو ماہِ رجب المرجب میں ہونے والے اہم ہفتہ وار اجتماع میں شرکت کی بھرپور ترغیب دلانا۔("ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کے موضوعات کی فہرست" میں سے ماہِ رجب المرجب میں ہونے والے زکوٰۃ سے متعلق بیان کی تاریخ دیکھ کر اس سے قبل دو ہفتے تک یہ اعلان کیا جائے۔)

ii. شرکاءِ اجتماع کو ماہِ رمضان میں پابندی کے ساتھ ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کی ترغیب دلانا و نیت کروانا(رجب کے آخری ہفتے سے رمضان کے تیسرے ہفتے تک ہر ہفتے شامل کیا جائے)

iii. ذمہ داران کو ماہِ رمضان میں تربیتی حلقے اور علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت میں شرکت کی ترغیب دلانا و نیت کروانا۔( رجب کے آخری ہفتے سے رمضان کے تیسرے ہفتے تک ہر ہفتے شامل کیا جائے)

iv. "فیضان تلاوت قرآن" میں شرکت کی بھرپور ترغیب دلانا۔(ماہِ شعبان کے پہلے ہفتے سے ماہِ رمضان کے پہلے ہفتے تک ہر ہفتے اعلان کیا جائے)

v. کتاب "جنت میں لے جانے والے اعمال" (بڑی سائز صفحہ نمبر 102 اور چھوٹی سائز صفحہ 141) سے "عورت کے لئے گھر میں نماز پڑھنے کا ثواب" کی اہمیت بھرپور طریقے سے اُجاگر کی جائے لیکن حکمت کے پیش نظر صلوٰۃ التسبیح اور نماز تراویح باجماعت کا صراحۃً ردّ نہ کیا جائے۔(ماہِ شعبان المعظم کے تیسرے اور چوتھے ہفتے کیا جائے)

vi. "**ماہِ رمضان میں گناہ کرنے والے کی قبر کا بھیانک منظر**" (اگر مکتبۃ المدینہ پر دستیاب ہو تو)اس پمفلٹ کی تشہیر کرنا، خریدنے، تقسیم کرنے اور گھر میں آویزاں کرنے کی ترغیب دلانا۔(ماہِ شعبان کے آخری ہفتے سے ماہِ رمضان کے تیسرے ہفتے تک ہر ہفتے یہ اعلان کیا جائے) (یہ پمفلٹ ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

vii. شرکائے اجتماع کو ماہِ رمضان میں روزانہ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کے دوپہر اور رات میں ہونے والے مدنی مذاکرات دیکھنے وسننے کی ترغیب دلانا(ماہِ رمضان کے پہلے تا آخری ہفتے کے اعلانات میں شامل کیا جائے)

viii. اسلامی بہنوں کی نماز(کتاب) سے جمعۃ الوداع کے روز 12 رکعت نفل پڑھنے کی ترغیب وطریقہ کا اعلان۔
(ماہِ رمضان کے تیسرے ہفتے یہ اعلان کیا جائے)

ix. عید کے موقع پر عید کارڈ وغیرہ پر کثیر رقم خرچ کی جاتی ہے چنانچہ رقم کے زیاں سے بچنے اور اس کی جگہ رسائل تقسیم کرنے کی ترغیب دلائی جائے۔(ماہِ رمضان کے تیسرے ہفتے سے آخری ہفتے تک یہ اعلان کیا جائے)

﴿2﴾ علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران تربیتی حلقے کے اعلانات کے ذریعے شرکاء تربیتی حلقہ کو یہ بتادیں کہ

i. "مدنی عطیات" پوری دنیا میں کہیں سے بھی عزیز ورشتے داروں سے (جو تنظیمی ذمہ داری پر نہ ہوں) جمع کئے جاسکتے ہیں اس میں کسی شہر کی پابندی نہیں لیکن یہ بات یاد رہے کہ حکمت عملی ونوعیت کو پیش نظر رکھا جائے۔

ii. مدنی عطیات کے لیے جھولی کی ترکیب نہ بنائی جائے۔

## چندے کے بارے میں سوال جواب پڑھنا اور ٹیسٹ لینا

﴿1﴾ علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران اپنی مشاورت سمیت ذیلی سطح تک جملہ ذمہ داران کو مدنی عطیات جمع کرنے کی ترکیب میں بھرپور احتیاط کرنے کے لئے "چندے کے بارے میں سوال جواب" کتاب رجب المرجب تک اچھی طرح پڑھ لینے کی ترغیب دلائیں پھر شعبان المعظم میں تربیتی حلقے میں اس کے ٹیسٹ لینے کی ترکیب بنائی جائے۔ کیونکہ شیخِ طریقت امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کی طرف سے تاکید ہے کہ "اگر پڑھ چکے ہیں، تب بھی دعوتِ اسلامی کے اِشاعتی اِدارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 107 صفحات پر مشتمل کتاب، "**چندے کے بارے میں سوال جواب**" کا دوبارہ مطالعہ فرمالیجئے۔"

☆ ماہِ رجب المرجب کے ہر تربیتی حلقے میں اس طرح اعلان کیا جائے کہ "ہر ایک پر اس کی موجودہ حالات کے مطابق علم حاصل کرنا فرض ہے۔" لہٰذا! بطور ذمہ دار ہمیں مدنی مرکز کی جانب سے یہ ذمہ داری ملی کہ ہمیں اپنی دعوتِ اسلامی کے لیے مدنی عطیات جمع کرنے ہیں تو اس کا علم حاصل کرنا بھی حسبِ حال فرض ہو گیا ہے۔ ہماری آسانی کے لیے مدنی عطیات جمع کرنے کے حوالے سے جتنا ضروری علم ہمیں حاصل کرنا چاہیئے وہ امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ نے ہمیں کتاب "چندے کے بارے میں سوال جواب" میں عطا فرمادیا۔ اس کے ٹیسٹ دینے میں ہماری ذمہ داران کو جو ہچکچاہٹ ہے اس کو دور کرنے کے لیے تو اتنا ہی کافی ہے کہ امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کی خواہش ہے کہ "**میرا ہر ذمہ دار تربیت یافتہ ہو**" لہٰذا! "چندے کے بارے میں سوال جواب" کا ٹیسٹ دینے اور مطالعہ کرنے کی بھرپور ترکیب بنائی جائے۔"

☆ اسلامی بہنوں کو یہ بتادیا جائے کہ ہماری اصطلاح "مدنی عطیات" ہی ہے "چندے کے بارے میں سوال جواب" اس کتاب کا نام عوام کے ذہن کے مطابق رکھا گیا ہے۔

﴿2﴾ کابینہ مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن ماہِ رجب المرجب میں ذمہ داران کے لئے "**چندے کے بارے میں سوال جواب** (کتاب) **کا ٹیسٹ پیپر تیار کرنے کے مدنی پھول**" کی مدد سے مختصراً 5 سے 6 سوالات پر مشتمل ٹیسٹ پیپر مع جوابی پیپر تیار کرنے کی ترکیب بنائیں۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)(بہتر ہے کہ اس سلسلے میں کسی مَدَنیّہ اسلامی بہن سے مدد لے لی جائے)

﴿3﴾ شعبان المعظم کے پہلے ہفتے ٹیسٹ پیپر لفافے میں ڈال کر علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران کو اس عرض کے ساتھ کہ " یہ لفافہ ڈائریکٹ تربیتی حلقے ہی میں کھولا جائے اور تربیتی حلقے ہی میں ذمہ داران کو سوالات لکھوا دیئے جائیں۔" دیا جائے۔(ٹیسٹ والے دن تمام ذمہ داران کی شرکت کو یقینی بنایا جائے۔یاد رہے! اس کے لئے تربیتی حلقے کا دورانیہ نہ بڑھایا جائے بلکہ مقررہ وقت میں ہی ٹیسٹ کی ترکیب بنائی جائے۔)

☆ علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران کو "جوابی پیپر" شعبان المعظم کے دوسرے ہفتے دیا جائے تاکہ وہ اس کی مدد سے تمام ٹیسٹ پیپر چیک کرکے متعلقہ ذمہ داران میں تقسیم فرمادیں۔

☆ کامیاب ہونے پر حوصلہ افزائی کی جائے اور کمی ہونے کی صورت میں انفرادی طور پر احسن انداز میں تفہیم فرمادیں۔

## ہفتہ وار سنتوں بھرے اہم اجتماع میں مدنی عطیات کی ترکیب

﴿1﴾ مدنی عطیات کے سلسلے میں ہونے والے ہفتہ وار سنتوں بھرے اہم اجتماع میں انفرادی کوشش کے ذریعے زیادہ سے زیادہ اسلامی بہنوں بالخصوص مخیر اور مجلس رابطہ ذمہ داران کے ذریعے شخصیات اسلامی بہنوں کی شرکت کی بھی ترکیب بنائی جائے۔

☆ تمام علاقوں کو علاقے کی نوعیت کے حساب سے 41 یا 26 مخیرّ اسلامی بہنوں کی شرکت کا ہدف دیا جائے۔

☆ ایسی اسلامی بہنیں جنہوں نے پچھلی بار زیادہ مدنی عطیات جمع کروائے تھے نیز 12 ماہ میں جو نئی رابطے میں آئی ہوں اُن پر بھی شرکت کے لئے انفرادی کوشش کی جائے۔

﴿2﴾ ہفتہ وار سنتوں بھرے اس اہم اجتماع میں بہترین مبلغات کے بیان کی ترکیب بنائی جائے۔

☆ کابینہ مجلسِ مشاورت ذمہ داران ساڑھے باون تولہ چاندی اور ساڑھے سات تولہ سونا کی اپنے شہر کی قیمت معلوم کرکے اپنے شہر کی تمام علاقہ مجلسِ مشاورت ذمہ داران کو اس کی اطلاع دے دیں تاکہ ہفتہ وار سنتوں بھرے اہم اجتماع کے بیان میں بتایا جاسکے۔

﴿3﴾ علاقہ تا کابینات ذمہ داران مع شعبہ جات ذمہ داران (علاقہ تا کابینات سطح) اس سنتوں بھرے اہم اجتماع میں بیان کی ترکیب بنائیں۔

﴿4﴾ ممکنہ صورت میں اس ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کے بعد رسالہ "دعوتِ اسلامی کی جھلکیاں" اور مکتبۃ المدینہ سے جاری کردہ پمفلٹ "**زکوٰۃ کون لے سکتا ہے؟**" بھی تقسیم کیا جائے۔ (پمفلٹ ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

# تربیتی حلقہ

﴿1﴾ ماہِ رمضان میں تربیتی حلقوں میں بہتر ہے کہ "**ماہِ رمضان کے تربیتی حلقوں کا جدول**" کے مطابق ترکیب بنائی جائے۔ (جدول ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

# کاش! آئے بلاوا مجھے دربارِ نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے

﴿1﴾ منسلک اسلامی بہنوں میں سے جو اسلامی بہن عمرے کی سعادت پانے والی ہوں تو اُن سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں تاکہ واپس آکر مدنی کاموں کی دھومیں مچاسکیں اور انہیں شیخ طریقت امیر اہل سنت دامت برکاتہم العالیہ کی مایہ ناز تالیف "رفیق المعتمرین" اور "عاشقان رسول کی 130 حکایات مع مکّے مدینے کی زیارتیں" تحفۃً دی جائیں۔

# فیضانِ چل مدینہ

﴿1﴾ علاقہ تا عالمی مجلسِ مشاورت مع شعبہ جات ذمہ داران (علاقہ تا عالمی سطح) میں سے جو اس سال حج کا ارادہ رکھتی ہوں ان کی اور ان کے محرم یا بچوں کے ابو کی انفرادی معلومات کابینہ مجلسِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن "**عازمینِ مدینہ علاقہ تا عالمی مجلسِ مشاورت مع شعبہ جات ذمہ داران** (کابینہ سطح)" میں پُر فرماکر کابینات ذمہ دار اسلامی بہن کو شوال المکرم کی 6 تاریخ تک جمع کروادیں۔

☆ بیرونِ ملک کی ذمہ دار اسلامی بہن شوال المکرم کی 6 تاریخ تک "**عازمینِ مدینہ علاقہ تا عالمی مجلسِ مشاورت مع شعبہ جات ذمہ داران** (کابینہ سطح)" پُر فرماکر متعلقہ رکنِ عالمی مجلسِ مشاورت کو mail کردیں۔

☆ کابینات مجلسِ مشاورت ذمہ داران "**عازمینِ مدینہ علاقہ تا عالمی مجلسِ مشاورت مع شعبہ جات ذمہ داران** (کابینات سطح)" شوال المکرم کی 8 تاریخ تک ملک ذمہ دار اسلامی بہن کو mail کروادیں۔

☆ ملک ذمہ دار اسلامی بہن شوال المکرم کی 10 تاریخ تک "**عازمینِ مدینہ علاقہ تا عالمی مجلسِ مشاورت مع شعبہ جات ذمہ داران** (ملک سطح)" پُر فرماکر متعلقہ رکنِ عالمی مجلسِ مشاورت کو بذریعہ mail جمع کروائیں۔

☆ رکنِ عالمی مجلسِ مشاورت شوال المکرم کی 14 تاریخ تک "**عازمینِ مدینہ علاقہ تا عالمی مجلسِ مشاورت مع شعبہ جات ذمہ داران** (ممالک سطح)" پُر فرماکر عالمی مجلسِ مشاورت ذمہ دار کو بذریعہ mail جمع کروائیں۔

☆ عالمی مجلسِ مشاورت ذمہ دار 16 شوال المکرم تک "**عازمینِ مدینہ علاقہ تا عالمی مجلسِ مشاورت مع شعبہ جات ذمہ داران** (عالمی سطح)" نگرانِ مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں (رکن شوریٰ) کو mail کردیں۔

(یہ تمام فارمز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

# اعتکاف کی بہاریں

﴿1﴾علاقہ مجلسِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہنیں علاقے میں جتنی اسلامی بہنیں اعتکاف کرنے کا ارادہ رکھتی ہوں ان کی تعداد کے مطابق "**جدول برائے اعتکاف**(**آخری عشرہ**)**رمضان المبارک**(1436،2015)"پاؤڈر کاپی کرواکر ماہِ رمضان کے "اعتکاف کی تربیت" والے تربیتی حلقے میں ہدیۃً تقسیم فرمائیں۔("اعتکاف کا جدول" ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿2﴾ماہِ رمضان میں اجتماعِ ذکر ونعت کے لئے ممکنہ صورت میں اس گھر کو ترجیح دی جائے جس میں کوئی اسلامی بہن معتکف ہوں تاکہ اُن پر اور ان کے اہل خانہ وپڑوسیوں پر بہتر انداز میں انفرادی کوشش کی جاسکے۔

☆ معتکف اسلامی بہن سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں کہ وہ بعدِ اعتکاف خوب مدنی کاموں کی دھومیں مچائیں۔

# 26ویں شریف مرحبا

﴿1﴾ماہِ شعبان کے آخری ہفتے کے تربیتی حلقے میں 26 ویں شریف کے سلسلے میں جو نیکیوں کے تحائف اکٹھے کرنے کی ترکیب بنائی جائے جو تحائف اکٹھے ہوں وہ "**26ویں شریف مرحبا** (**کابینات سطح**)"میں پُر فرماکر ماہ رمضان کی 12 تاریخ تک ملک ذمہ دار اسلامی بہن کو بذریعہ Mail جمع کروائیں۔

﴿2﴾علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران 26 ماہِ رمضان سے قبل والے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں امیر اہلسنت کی درازئ عمر بالخیر کے لئے دُعا کی ترکیب بنائیں اور بعدِ اجتماع ولادت عطار کی خوشی میں لنگرِ رسائل کا اہتمام بھی فرمائیں۔

﴿3﴾اگر کسی کابینات / کابینہ میں اسلامی بہنوں کا تعویذات عطاریہ کا بستہ لگتا ہو تو کابینات / کابینہ ذمہ دار اسلامی بہن، مجلس تعویذات عطاریہ کی ذمہ دار اسلامی بہن کے ذریعے "**26ویں شریف مرحبا**(**مجلس تعویذات عطاریہ کی ذمہ دار اسلامی بہن** (**کابینہ/کابینات سطح**)"وصول فرماکر ماہ رمضان کی 12 تاریخ کو ہی ملک ذمہ دار اسلامی بہن کو بذریعہ Mail جمع کروائیں۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿4﴾ملک ذمہ دار اسلامی بہن"**26ویں شریف مرحبا**(**ملک سطح**)"اور"**26ویں شریف مرحبا** (**تعویذاتِ عطاریہ**(**ملک سطح**))" پُر فرماکر ماہِ رمضان المبارک کی 14 تاریخ تک متعلقہ رکن عالمی مجلسِ مشاورت کو جمع کروادیں۔

﴿5﴾ اراکینِ عالمی مجلسِ مشاورت "26ویں شریف مرحبا(ممالک سطح" 16 رمضان المبارک تک عالمی مجلسِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں۔ (یہ تمام پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

﴿6﴾ جامعہ ذمہ دار (عالمی سطح)، مدرسۃ المدینہ بنات ذمہ دار (عالمی سطح) اور دارالمدینہ ذمہ دار (عالمی سطح) "26ویں شریف مرحبا (عالمی سطح)" کے فارمز پُر فرما کر 16 رمضان المبارک تک عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار کو جمع کروادیں۔
(یہ تمام فارمز جامعہ، مدرسہ، دارالمدینہ کے مدنی پھولوں میں موجود ہیں)

# ماہِ رمضان میں مدنی کاموں کے اوقاتِ کار

﴿1﴾ رمضان المبارک میں درج ذیل مدنی کاموں کی ترکیب ان اوقات میں بنائی جائے۔

| نمبر شمار | مدنی کام | اوقاتِ کار |
|---|---|---|
| 1 | ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع | صبح 9:00 بجے تا دوپہر 4:00 بجے کے درمیان کسی بھی وقت 2 گھنٹے |
| 2 | تربیتی حلقہ | صبح 9:00 بجے تا دوپہر 4:00 بجے کے درمیان کسی بھی وقت 2 گھنٹے |
| 3 | مدرسۃ المدینہ (بالغات) | صبح 9:00 بجے تا شام 4:00 بجے کے درمیان کسی بھی وقت 1 گھنٹہ 12 منٹ |
| 4 | علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت | صبح 9:00 بجے تا شام 4:00 بجے کے درمیان کسی بھی وقت 1½ گھنٹہ |
| 5 | مدنی مشورہ | صبح 9:00 بجے تا دوپہر 3:00 بجے کے درمیان کسی بھی وقت 2 گھنٹے<br>(شرکائے مدنی مشورہ کے باہم اتفاق سے طے کیا جائے بہتر ہے کہ 11:26 تا 1:26 ہو) |
| 6 | تعویذاتِ عطاریہ کا بستہ | صبح 7:00 بجے تا دوپہر 3:00 بجے کے درمیان کسی بھی وقت 4 گھنٹے<br>(بہتر ہے کہ صبح 7:00 تا 11:00 بجے ہو) |

﴿2﴾ اگر عید الفطر کے 3 دنوں میں ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع یا تربیتی حلقے یا علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کا دن آئے تو اُس دن اجتماع و تربیتی حلقہ نہیں ہوگا لہٰذا ایک ہفتے قبل علاقہ مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن علاقے کے تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات اور تربیتی حلقے میں اعلان کروادیں۔

# پوچھ گچھ

فرمانِ امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ "پوچھ گچھ مدنی کاموں کی جان ہے" (مدنی کاموں کی تقسیم کے تقاضے)

﴿1﴾ ذیلی حلقہ تا عالمی مجلس مشاورت ذمہ داران "مدنی پھول برائے ماہِ رمضان" میں موجود مدنی کام اپنے پاس ڈائری میں بطورِ یادداشت تحریر فرمالیں یا ہائی لائٹ کرلیں تاکہ بروقت ہر مدنی پھول پر عمل ہوسکے۔

☆ ذیلی حلقہ تا عالمی مجلس مشاورت ذمہ داران اپنی ماتحت ذمہ داران سے ہفتے میں ایک بار ان میں سے اہم مدنی پھولوں سے متعلق پوچھ گچھ، follow up ضرور فرمالیں تاکہ مدنی کام میں کمزوری نہ رہے۔

﴿2﴾ ہر سطح کی مجلس مشاورت ذمہ دار اپنی ماتحت ذمہ داران اسلامی بہنوں سے شوال المکرّم میں معمول والے ماہانہ مدنی مشورے میں بھی پوچھ گچھ فرمائیں کہ ان مدنی پھولوں پر کہاں تک عمل ہوا؟

☆ کمزوری ہونے پر متعلقہ ذمہ داران کی تفہیم اور آیندہ بہتری کے لیے لائحہ عمل تیار کریں۔

﴿3﴾ "مدنی پھول برائے ماہِ رمضان" سے متعلق اگر کوئی مدنی مشورہ ہو تو تنظیمی ترکیب کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

﴿4﴾ "مدنی پھول برائے ماہِ رمضان" سے متعلق اگر کوئی مسئلہ درپیش ہو تو تنظیمی ترکیب کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

﴿5﴾ ملک مجلس مشاورت ذمہ دار / کابینات مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن / کابینہ مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن شرعی سفر ہونے کی صورت میں بحالتِ مجبوری ٹیلیفونک مدنی مشورے کے ذریعے بھی مدنی پھول سمجھا سکتی ہیں۔

﴿6﴾ اپنے ملک کی حالت و نوعیت کے مطابق ملکی کابینہ کے نگران و متعلقہ رکن عالمی مجلسِ مشاورت کی اجازت سے ان مدنی پھولوں میں حسبِ ضرورت ترمیم کی جاسکتی ہے۔

اللہ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی ہمیں اِخلاص کے ساتھ عین شرعی احکامات کے مطابق اپنی مدنی تحریک دعوت اسلامی کے مدنی عطیات میں دامے، دِرَمے، قدمے، سُخنے، بدنے حصہ لے کر دونوں جہاں کی بھلائیاں اکٹھا کرنے کی عظیم سعادت نصیب فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الامین صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

مدینہ! یاد رہے کہ ان مدنی پھولوں کی شرعی اور تنظیمی تفتیش ہوچکی ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ذیلی حلقہ__________

# نیک اعمال کا ایصالِ ثواب برائے مبلغِ دعوت اسلامی مرحوم نگرانِ شوریٰ

حلقہ__________

## حاجی مشتاق عطاری علیہ رحمۃ اللّٰہ الباری(ذیلی حلقہ سطح)

تاریخ وصال: 29 شعبان المعظم

شہاعطار کا پیارا ہے یہ مشتاق عطاری

یہی مژدہ اسے تم بھی سنادو یارسول اللّٰہ صلی اللہ تعالی علیہ والہٖ وسلم

| نمبر شمار | نام اسلامی بہن (اُم / بنت) (ایصالِ ثواب دینے والی) | ایصالِ ثواب کے تحائف | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | قرآن پاک | درود پاک | کلمۂ طیبہ | روزانہ 26بار لکھ کر گفتگو کرنے کی نیت |
| 1 | | | | | |
| 2 | | | | | |
| 3 | | | | | |
| 4 | | | | | |
| 5 | | | | | |
| 6 | | | | | |
| 7 | | | | | |
| 8 | | | | | |
| 9 | | | | | |
| 10 | | | | | |
| 11 | | | | | |
| 12 | | | | | |
| مجموعی تعداد | | | | | |

**مدنی پھول**: یہ فارم 4شعبان المعظم تک پُر فرما کر حلقہ مجلسِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# نیک اعمال کا ایصالِ ثواب برائے مبلغِ دعوت اسلامی مرحوم نگرانِ شوری

## حاجی مشتاق عطاری علیہ رحمۃ اللّٰہ الباری ﴿حلقہ سطح﴾

حلقہ ____________

علاقہ ____________

تاریخ وصال: 29 شعبان المعظم

شہ عطار کا پیارا ہے یہ مشتاق عطاری

یہی مژدہ اسے تم بھی سنا دو یار سول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ والہٖ وسلم

| نمبر شمار | ذیلی حلقہ | ایصالِ ثواب کے تحائف | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | قرآن پاک | درود پاک | کلمہ طیبہ | روزانہ 26 بار لکھ کر گفتگو کرنے کی نیت کرنے والیوں کی تعداد |
| 1 | | | | | |
| 2 | | | | | |
| 3 | | | | | |
| 4 | | | | | |
| 5 | | | | | |
| 6 | | | | | |
| 7 | | | | | |
| 8 | | | | | |
| مجموعی تعداد | | | | | |

**مدنی پھول**: یہ فارم 5 شعبان المعظم تک پُر فرما کر علاقہ مجلسِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں۔

ماہ رمضان

سن (مدنی) 1436ھ (عیسوی) 2015ء

اَلۡحَمۡدُلِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# نیک اعمال کا ایصالِ ثواب برائے مبلغِ دعوت اسلامی مرحوم نگرانِ شوریٰ

# حاجی مشتاق عطاری علیہ رحمۃ اللّٰہ الباری ﴿علاقہ سطح﴾

علاقہ ____________

ڈویژن ____________

تاریخ وصال: 29 شعبان المعظم

شہا عطار کا پیارا ہے یہ مشتاق عطاری

یہی مژدہ اسے تم بھی سنا دو یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم

| نمبر شمار | حلقہ | ایصالِ ثواب کے تحائف | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | قرآن پاک | درود پاک | کلمۂ طیبہ | روزانہ 26 بار لکھ کر گفتگو کرنے کی نیت کرنے والیوں کی تعداد |
| 1 | | | | | |
| 2 | | | | | |
| 3 | | | | | |
| 4 | | | | | |
| 5 | | | | | |
| 6 | | | | | |
| 7 | | | | | |
| 8 | | | | | |
| مجموعی تعداد | | | | | |

**مدنی پھول**: یہ فارم 6 شعبان المعظم تک پُر فرما کر ڈویژن مجلسِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں۔

ماہ رمضان

سن (مدنی) 1436ھ (عیسوی) 2015ء

اَلْحَمْدُللهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# نیک اعمال کا ایصالِ ثواب برائے مبلغِ دعوت اسلامی مرحوم نگرانِ شوریٰ

# حاجی مشتاق عطاری علیہ رحمۃ اللّٰہ الباری ﴿ڈویژن سطح﴾

ڈویژن ____________

کابینہ ____________

تاریخ وصال: 29 شعبان المعظم

شہا عطار کا پیارا ہے یہ مشتاق عطاری — یہی مژدہ اسے تم بھی سنا دو یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم

| نمبر شمار | علاقہ | ایصالِ ثواب کے تحائف | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | قرآن پاک | درود پاک | کلمہ طیبہ | روزانہ 26 بار لکھ کر گفتگو کرنے کی نیت کرنے والیوں کی تعداد |
| 1 | | | | | |
| 2 | | | | | |
| 3 | | | | | |
| 4 | | | | | |
| 5 | | | | | |
| 6 | | | | | |
| 7 | | | | | |
| 8 | | | | | |
| 9 | | | | | |
| 10 | | | | | |
| مجموعی تعداد | | | | | |

**مدنی پھول**: یہ فارم 8 شعبان المعظم تک پُر فرما کر کابینہ مجلسِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں۔

سن (مدنی) 1436ھ (عیسوی) 2015ء

ماہ رمضان

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# نیک اعمال کا ایصالِ ثواب برائے مبلغِ دعوت اسلامی مرحوم نگرانِ شوریٰ

## حاجی مشتاق عطاری علیہ رحمۃ اللّٰہ الباری ﴿کابینہ سطح﴾

کابینہ ____________

کابینات ____________

تاریخ وصال: 29 شعبان المعظم

شہا عطار کا پیارا ہے یہ مشتاق عطاری　　یہی مژدہ اسے تم بھی سنادو یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم

| نمبر شمار | ڈویژن | ایصالِ ثواب کے تحائف | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | قرآن پاک | درود پاک | کلمہ طیبہ | روزانہ 26 بار لکھ کر گفتگو کرنے کی نیت کرنے والیوں کی تعداد |
| 1 | | | | | |
| 2 | | | | | |
| 3 | | | | | |
| 4 | | | | | |
| 5 | | | | | |
| 6 | | | | | |
| 7 | | | | | |
| 8 | | | | | |
| 9 | | | | | |
| 10 | | | | | |
| مجموعی تعداد | | | | | |

**مدنی پھول**: یہ فارم 10 شعبان المعظم تک پُر فرما کر کابینات ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں۔ اگر کابینات /ملک سطح پر ذمہ دار مُقرر نہ ہوں تو متعلقہ رُکن عالمی مجلسِ مشاورت کو بذریعہ mail جمع کروائیں۔

ماہ رمضان

سن (مدنی) 1436ھ (عیسوی) 2015ء

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# نیک اعمال کا ایصالِ ثواب برائے مبلغِ دعوت اسلامی مرحوم نگرانِ شوریٰ

## حاجی مشتاق عطاری علیہ رحمۃ اللّٰہ الباری ﴿کابینات سطح﴾

کابینات __________

ملک __________

تاریخ وصال: 29 شعبان المعظم

شہاعطار کا پیارا ہے یہ مشتاق عطاری

یہی مژدہ اسے تم بھی سنادو یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم

| نمبر شمار | کابینہ | ایصالِ ثواب کے تحائف | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | قرآن پاک | درود پاک | کلمہ طیبہ | روزانہ 26 بار لکھ کر گفتگو کرنے کی نیت کرنے والیوں کی تعداد |
| 1 | | | | | |
| 2 | | | | | |
| 3 | | | | | |
| 4 | | | | | |
| 5 | | | | | |
| 6 | | | | | |
| 7 | | | | | |
| 8 | | | | | |
| 9 | | | | | |
| 10 | | | | | |
| 11 | | | | | |
| 12 | | | | | |
| مجموعی تعداد | | | | | |

**مدنی پھول**: یہ فارم 12 شعبان المعظم تک ملک سطح ذمہ دار اسلامی بہن کو بذریعہ mail جمع کروائیں۔ اگر ملک سطح پر ذمہ دار مقرر نہ ہوں تو متعلقہ رُکن عالمی مجلس مشاورت کو جمع کروائیں۔

سن (مدنی) 1436ھ (عیسوی) 2015ء

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# نیک اعمال کا ایصالِ ثواب برائے مبلغِ دعوت اسلامی مرحوم نگرانِ شوریٰ حاجی مشتاق عطاری علیہ رحمۃ اللہ الباری ﴿ملک سطح﴾

تاریخ وصال: 29 شعبان المعظم — شہاعطار کا پیارا ہے یہ مشتاق عطاری — یہی مژدہ اسے تم بھی سنادو یارسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ والہٖ وسلم

| روزانہ 26 بار لکھ کر گفتگو کرنے کی نیت کرنے والیوں کی تعداد | کلمہ طیبہ | درود پاک | قرآن پاک | کابینات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| ایصالِ ثواب کے تحائف | | | | | |
| | | | | | 1 |
| | | | | | 2 |
| | | | | | 3 |
| | | | | | 4 |
| | | | | | 5 |
| | | | | | 6 |
| | | | | | 7 |
| | | | | | 8 |
| | | | | | 9 |
| | | | | | 10 |
| | | | | | 11 |
| | | | | | 12 |
| | | | | | 13 |
| | | | | | 14 |
| | | | | | 15 |
| (ہندسوں میں) | (ہندسوں میں) | (ہندسوں میں) | (ہندسوں میں) | مجموعی تعداد | |
﴿1﴾ ایک ہی مالیت کی نوٹوں کو سیدھی رکھ کر صرف ربڑ بینڈ لگادیں اور نوٹ کے اوپر تعداد پینسل سے لکھ دیں مثال کے طور پر 1000/= والی 7 نوٹیں ہوں تو بنڈل میں سب سے اوپر والی 1000/= کی نوٹ پر 7 لکھنا ہوگا۔ اسی طرح 500/= والی اگر 6 نوٹیں ہیں تو بنڈل میں سب سے اوپر والی 500/= کی نوٹ پر 6 لکھنا ہوگا۔ اور اگر 100/= والی 90 نوٹیں ہوں تو بنڈل میں سب سے اوپر والی 100/= کی نوٹ پر 90 لکھنا ہوگا پھر تفصیلات الگ پیپر پر اس طرح لکھ کر دے دیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1000/= والی نوٹیں | ×7 عدد = | 7000/= |
| 500/= والی نوٹیں | ×6 عدد = | 3000/= |
| 100/= والی نوٹیں | ×90 عدد = | 9000/= |
| کل رقم | = | 19,000/= |

﴿2﴾ بعض نوٹ ایسے ہوتے ہیں جس کے دو طرح کے سائز ہوتے ہیں۔ تو ایک ہی مالیت کے مثلاً 100/= کی بڑے سائز کی نوٹیں ایک ساتھ اور چھوٹے سائز کی ایک ساتھ رکھیں۔

﴿3﴾ جب مدنی عطیات جمع کروائیں تو اسکی مدّات کی تفصیلات بھی تحریراً ساتھ جمع کروائیں مثلاً! کل مدنی عطیات 19000/= جمع کروائے تو اسکی مدّات کی تفصیلات کچھ یوں ہوگی۔

| | |
|---|---|
| صدقاتِ واجبہ (زکوٰۃ و فطرہ) | =/8000 |
| نفلی صدقات و خیرات | =/2000 |
| مدرسے کے لئے | =/1000 |
| مدنی چینل کے لئے | =/1064 |
| کسی بھی مسجد کے لئے | =/1936 |
| جامعہ کے لئے | =/1000 |
| دارالمدینہ کے لئے | =/1000 |
| کلی اختیارات کے ساتھ | =/3000 |
| **کُل مدنی عطیات** | **=/19000** |

﴾4﴿ مدنی عطیات کی رقم اگر سکّوں کی شکل میں ہو تو نوٹ کی شکل میں تبدیل کروا کر جمع کروائی جائے۔ اگر چھوٹی مالیت کی نوٹیں ہوں تو بڑی مالیت کی نوٹ میں تبدیل کر دی جائے مثلاً =/1000 والی 5 نوٹیں ہوں تو صرف =/5000 والی ایک نوٹ میں تبدیل کر دیا جائے تو بہتر ہے۔

﴾5﴿ جمع کرنے والے صرف لکھے ہوئے پر بھروسہ نہ کریں بلکہ خود بھی اچھی طرح گِن کر تصدیق کرلیں۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

# مدنی عطیات ری چیک کرنے والی کے لئے مدنی پھول

﴿1﴾ ہر علاقے کے پیپر میں ہر ہفتے جتنی مدّات میں رقم جمع ہوئی اس کو کُل کر کے چیک کر لیا جائے اور تمام ہفتوں میں جتنی رقم جمع ہوئی ان تمام کو بھی کُل کر کے چیک کیا جائے اور اس کے بعد بہتر ہے کہ دو سے تین بار مزید چیک کیا جائے۔ یوں بھی کیا جا سکتا ہے کہ دو تین اسلامی بہنیں مل کر یہ ترکیب بنائیں اور پھر ایک اسلامی بہن کا کُل کیا ہوا اور دوسری اور تیسری اسلامی بہن بھی چیک کر لے یعنی ہر اسلامی بہن ہر ہر پیپر اچھی طرح چیک کر لے اور اگر کہیں رقم میں فرق آ رہا ہو تو دوبارہ اُسے کُل کر کے دیکھا جائے۔ پھر بھی فرق آ رہا ہو تو متعلقہ ڈویژن مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن سے معلوم کیا جائے اور اس کے مطابق درست کیا جائے کیونکہ اگر علاقہ سطح کے پیپرز میں ہی غلطی رہ گئی تو دوسری سطحوں میں لازماً غلطی رہے گی لہٰذا اس اندیشے سے بچنے کے لئے علاقہ سطح کے کُل کو اچھی طرح چیک کرنے پر توجہ دی جائے۔

﴿2﴾ اگر کسی ریسیونگ پیپر میں سِرے سے دستخط ہی موجود نہ ہوں تو متعلقہ ڈویژن مجلسِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن سے وجہ معلوم کی جائے اور اس فارم پر وضاحت کے ساتھ لکھ کر پرچی لگا دی جائے اور اگر ایک دو ہفتے کے دستخط موجود نہ ہوں تو اُس خالی کالم کو ہائی لائٹ کر کے اس میں وجہ لکھ دی جائے۔

﴾3﴿ کابینہ سطح پر مدنی عطیات کی کارکردگی کی فائل مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار(کابینہ سطح) کو پیش کرنے کے لئے درج ذیل مدنی پھولوں کے مطابق فائل تیار کرلی جائے اور ان سے عرض کردی جائے۔"آپ یہ فائل مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار اسلامی بھائی (کابینات سطح) کو بھی پیش کردیجئے گا۔

i. فائل میں ڈویژن کی تعداد کے مطابق تھیلیاں لگائی جائیں اور ایک تھیلی کابینہ کے فارم کے لئے لگائی جائے۔

ii. پہلی تھیلی میں کابینہ کی کارکردگی رکھی جائے۔

iii. پھر ہر تھیلی میں ہر ڈویژن کی الگ الگ کارکردگیاں اس ترتیب سے رکھی جائیں کہ سب سے اوپر ڈویژن فارم ہو اور اس کے نیچے ترتیب سے علاقوں کے فارم اس طرح رکھے جائیں کہ ڈویژن کے فارم میں جس علاقے کا نام پہلے ہو اُس علاقے کا فارم پہلے رکھا جائے پھر بالترتیب تمام علاقوں کے فارمز رکھے جائیں۔

iv. فائل کے گتے پر اسٹیکر لگا کر لکھا جائے کہ "کابینہ__________ کے مدنی عطیات کی کارکردگی کا ریکارڈ سن_______"۔

v. پھر اِسی فائل کی پاؤڈر کاپی کروائی جائے تاکہ کابینہ مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کے پاس بطور ریکارڈ رکھی جاسکے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# رجب المرجب، شعبان المعظم اور رمضان المبارک کے دوسرے ہفتے کرنے والا اعلان

﴿1﴾ **پیاری اسلامی بہنو!** رمضان المبارک 1435ھ بمطابق 2014ء تک کی معلومات کے مطابق دعوتِ اسلامی کے تحت پاکستان بھر کے 347 **جامعات المدینہ** (مقیم و غیر مقیم، کم و بیش 20173 بیس ہزار ایک سو تہتر طلبہ و طالبات) ﴿ ہزاروں اسلامی بھائی عالم اور اسلامی بہنیں عالمات بن رہی ہیں﴾ جن پر سالانہ خرچ تقریباً 66،16،70،000 (چھیاسٹھ کروڑ سولہ لاکھ ستّر ہزار) روپے، **مدارسُ المدینہ** ﴿مقیم و غیر مقیم کم و بیش 1،01،410 (ایک لاکھ ایک ہزار چار سو دس) **مدنی منّے** اور مَدَنی مُنّیاں مفت حفظ و ناظرہ کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں﴾ جن پر سالانہ خرچ تقریباً 69،68،23،128 (اُنہتّر کروڑ اَڑسٹھ لاکھ تئیس ہزار ایک سو اَٹھائیس) روپے، **مَدَنی چینل** (دُنیا بھر کے بے شمار لوگوں کی اصلاح کا سبب بن رہا ہے) جس پر روزانہ خرچ تقریباً 15 (پندرہ لاکھ) روپے جب کہ ماہانہ اَخراجات تقریباً 4،50،00،000 (چار کروڑ پچاس لاکھ) روپے، دارالمدینہ، دارالافتاء اہلسنّت، المدینۃ العلمیہ، مجلس مکتوبات و تعویذاتِ عطاریہ (ماہانہ لاکھوں لاکھ مسلمان اس سے مُستَفِیض ہو رہے ہیں)، مَدَنی مَراکِز (فیضانِ مدینہ) و مساجد صحرائے مدینہ کے اندر مختلف تعمیرات و انتظامی اخراجات، مدَنی تربیّت گاہیں، مختلف تربیتی کورسز (فرض علوم کورس، اِمامت کورس، مدَنی تربیتی کورس، مدَنی قافلہ کورس، قُفلِ مدینہ کورس، فیضانِ اسلام کورس) ہفتہ وار اجتماعات، بڑی راتیں (شبِ میلاد، گیارہویں شریف، شبِ معراج، شبِ براءت، رمضان المبارک کی 27ویں رات)، اِجتماعی اعتِکاف (30 اور 10 دن)، اسلامی بہنوں کے اجتماعات وغیرہ پر مُشتمل تقریباً 96 شعبہ جات قائم ہیں، جن کے مدَنی کاموں کے لیئے خطیر رقم دَرکار ہوتی ہے۔

میٹھی اسلامی بہنو! رجب المرجب شعبان المعظم اور رمضان المبارک میں مدَنی عطیّات اِکٹھا کرنے کا بہترین موقع ہوتا ہے لہٰذا آج ہی سے بھرپور کوشش کر کے تبلیغِ قراٰن و سنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **"دعوتِ اسلامی"** کے مدَنی کاموں کے لیئے اپنی زکوٰۃ، فطرہ، مدَنی عطیّات، صَدَقات و خیرات وغیرہ دینے کے ساتھ ساتھ دیگر اسلامی بہنوں سے بھی اِکٹھا کرنے کی ترکیب بنائیں تاکہ ہمارے مدَنی کام پایۂ تکمیل تک پہنچ سکیں۔ چندہ موجودہ دَور کی اَشَد ترین ضرورت ہے چنانچہ پیارے آقا، دوعالم کے داتا، محبوبِ کبریا صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ غیب نشان ہے، **"آخر زمانہ میں دین کا کام بھی دِرہم و دینار سے چلے گا۔"** (المعجم الکبیر، ج ۲۰، ص ۲۷۹، حدیث ۶۶۰، داراحیاء التراث العربی بیروت)

بعض اسلامی بہنیں مدَنی عطیات اِکٹھا کرنے میں جھجک محسوس کرتی ہیں حالانکہ دین کی سَربُلندی کے لیئے چندہ اکٹھا کرنا پیارے آقا و مولا، غریبوں کے ملجاء و ماویٰ، سرورِ انبیاء، حبیبِ کبریا صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلہٖ وَسَلَّم کی سنّت سے ثابت ہے۔ غزوۂ تبوک، مسجدِ نبوی شریف علٰی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی تعمیر، بیرِ رُومہ کی خریداری وغیرہ کے مواقع پر مالکِ خُلد و کوثر، شاہِ بحر و بَر صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلہٖ وَسَلَّم نے راہِ خُدا عَزَّوَجَلَّ میں خرچ کرنے کی ترغیب دِلائی ہے۔

**میٹھی اسلامی بہنو! آپ بھی ہمت فرمایئے، جھجک اُڑایئے اور سُنّتوں کے احیاء کے لیئے خوب خوب مدَنی عطیات اکٹھا کیجئے۔**

ترغیباً ایک حدیثِ مُبارَکہ مُلاحظہ فرمائیں: حضرت رافع بن خدیج رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروی ہے، فرماتے ہیں: میں نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے محبوب، دانائے غیوب، مُنزہ عن العیوب صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلہٖ وَسَلَّم کو فرماتے سُنا:

**"اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رِضا کے لیئے حق کے مطابق صَدَقہ وصول کرنے والا اپنے گھر لَوٹنے تک اللہ عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں جِہاد کرنے والے غازی کی طرح ہے۔"**

(سُنن ابی داؤد، کتاب الخراج والامارۃ والفیء، باب فی السعایہ علی الصدقۃ، الحدیث: ۲۹۳۶، ج ۳، ص ۲۳۵)

لہٰذا پیاری اسلامی بہنو! ہمیں چاہیئے کہ مدنی عطیات جمع کرنے کے لیے اپنے رشتے داروں اور پڑوسیوں پر انفرادی کوشش شروع کر دیں۔ جو خوش نصیب اسلامی بہنیں اس بار عمرہ کرنے کی سعادت حاصل کرنے والی ہوں ان کی روانگی سے قبل ہی ان پر مدنی عطیات کے سلسلے میں انفرادی کوشش کیجئے۔ لیکن اجنبی اسلامی بہنوں اور غیر محرم پر ہرگز انفرادی کوشش نہ کی جائے۔ اس کے علاوہ جہاں جہاں آپ غسلِ میت اور اجتماعِ ذکر و نعت کے لئے جا چکی ہیں اُن سے بھی رابطہ کر کے ان پر انفرادی کوشش کیجئے۔ کہ صرف بولنے سے بھی ہم دعوتِ اسلامی کو کثیر فائدہ پہنچا سکتے ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! توجّہِ مُرشدی سے ہمیں اس عظیم مدنی کام کی سعادت مِل رہی ہے تو کہیں ایسا نہ ہو کہ شیطان کے مکر و فریب میں آکر اگر کوئی نادانی کر بیٹھیں اور کوئی معمولی سی بے احتیاطی ہمیں اللّٰہ کی رحمت سے دُور نہ کر ڈالے اس لیئے ایمانداری کو اپنا شعار بنالیں کہ حضرت سیّدنا عمر بن خطاب رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: **"کسی شخص کی نماز اور روزے سے دھوکے میں نہ آنا جو چاہے نماز پڑھے اور جو چاہے روزے رکھے لیکن جو امانت دار نہیں وہ دین دار نہیں ہے۔"** (شعب الایمان)

یاد رہے! کہ عفو در گزر اپنی ذات کے حق تلَف ہونے پر ہوتا ہے مگر ایسی غلطی جس میں دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں کا یا مدنی عطیات وغیرہ کا نقصان ہو جیسے عطیات میں خرد برد کرلی تو اب یہاں کس سے معافی مانگی جائے گی کیونکہ عطیات کسی نگران کی مِلک تو نہیں ہوتے تو یہ نگران کیونکر معاف کر سکتا ہے؟ اور اگر خدانخواستہ کبھی نقصان ہوا تو توبہ بھی کرنی ہو گی اور خرد برد والی رقم اپنے پلّے سے ادا بھی کرنی پڑے گی۔

حضرت عدی بن عمیر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: آقائے مظلوم، سرورِ معصوم، حُسنِ اَخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور، محبوبِ ربِّ اکبر صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا:

**"ہم تم میں جسے کسی کام پر عامل بنائیں پھر وہ ہم سے سُوئی یا اس سے بھی کمتر چیز چھپالے تو یہ خیانت ہے، جسے قیامت کے دن لائے گا۔"**

اس حدیث کی شرح میں حکیم الامّت مفتی احمد یار خان نعیمی رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: یعنی خیانت چھوٹی ہو یا بڑی قیامت میں سزا اور رُسوائی کا باعث ہے خُصوصاً جو خیانت زکوٰۃ وغیرہ میں کی جائے کیونکہ یہ عبادت میں خیانت ہے اور اس میں اللہ کا حق مارنا ہے اور فقیروں کو اُن کے حق سے محروم کرنا، رب تعالیٰ فرماتا ہے:

**وَمَنۡ یَّغۡلُلۡ یَاۡتِ بِمَا غَلَّ یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ** ترجمہ: اور جو چُھپا رکھے وہ قیامت کے دن اپنی چھپائی چیز لے کر آئے گا۔ (کنزالایمان: آلِ عمران: ۱۶۱/۳)، (مرآۃ المناجیح شرح مشکاۃ المصابیح، ج ۳، ص ۱۵)

لہٰذا آیئے! مِل کر اچھی اچھی نیّتیں کر لیتے ہیں کہ ہمیں جس طرح کے بھی مدنی عطیات، زکوٰۃ، فطرہ اور صدقہ وغیرہ جو کچھ ملے گا وہ امانت داری کے ساتھ اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں گے اور کسی بھی طرح کے حیلے سے کام نہیں لیں گے اس کے لئے بہتر ہے کہ تمام اسلامی بہنیں شیخِ طریقت امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی کتاب "چندے کے بارے میں سُوال جواب" ضرور پڑھ لیں۔

**مدنی عطیات** لینے کے حوالے سے یہ مدنی پھول توجّہ سے سماعت فرمایئے کہ کیش کی صورت میں وصول کئے جانے والے مدنی عطیات ہاتھوں ہاتھ چیک فرمالیجئے ایسے نوٹ کہ جو بند ہو چکے ہوں یا ایسی کنڈیشن والے نوٹ یعنی (کلیم نوٹ) جو بینک بھی وصول نہ کرتا ہو کو عطیات میں وصول کرنے میں احتیاط فرمائیں۔

**دعائے عطار** ہے کہ: **"جو مدنی عطیات کے لئے زیادہ سے زیادہ بھاگ دوڑ کرے یااللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! اُسے اس وقت تک موت نہ دینا جب تک وہ مدینہ نہ دیکھ لے۔"**

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! ہمیں اخلاص کے ساتھ عین شرعی احکامات کے مطابق مدنی عطیات جمع کرنے اور بروقت اپنی ذمہ دار کو جمع کروانے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

﴿2﴾ مراۃ المناجیح جلد 3 صفحہ نمبر 44 پر آتا ہے کہ: بندۂ مومن کا روزہ آسمان وزمین کے درمیان مُعلّق رہتا ہے جب تک صدقۂ فطر ادا نہ کیا جائے۔ حضرت ابو سعید خُدری رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ "ہم صدقۂ فطر ایک صاع غلّہ، ایک صاع جَو، یا ایک صاع پنیر، یا ایک صاع کشمش نکالتے تھے۔"

**صدقۂ فطر** کی مختلف مقداریں سماعت فرمالیجئے: 3840 گرام کشمش یا جَو شریف یا کھجور یا اس کی رقم یا 1920 گرام (2 کلو میں 80 گرام کم) گندم یا اس کی رقم (ان چاروں میں سے کسی بھی ایک مقدار کے مطابق صدقۂ فطر ادا کیا جاسکتا ہے)

**یاد رہے!** ہر ملک بلکہ ہر شہر میں ان اشیاء کی قیمت میں فرق ہوتا ہے، اور وقتاً فوقتاً ان قیمتوں میں تبدیلیاں بھی ہوتی ہیں۔ لہٰذا! اپنے اپنے شہر میں موجودہ قیمتوں کے مطابق حساب لگانا ہوگا۔ ایک شہر میں رہنے والے دوسرے شہر کی قیمتوں کے مطابق حساب نہ لگائیں۔ جن خوش نصیبوں کو اللہ تعالیٰ نے زیادہ مال و دولت سے نوازا ہے اُنہیں چاہیئے کہ وہ اپنے مَعیارِ زندگی کے مطابق فطرہ ادا کریں اور بارگاہِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ سے زیادہ ثواب پائیں۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

(یہ اعلان رمضان کے دوسرے ہفتے سے آخری ہفتے تک کیا جائے)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# رَمَضان میں گناہ کرنے والے کی قَبْر کا بھیانک منظر

از افادات: امیرِ اہلسنّت حضرت محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ

ایک بار مولائے کائنات، مولیٰ مشکلکشا علیُّ المُرتضیٰ شیرِ خدا کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کوفہ کے قبرستان میں تشریف لے گئے، ایک تازہ قبر و کِی کر رُک گئے، اللہ عزوجل نے آپ پر قبر کا اندرونی منظر ظاہر فرما دیا، کیا دیکھتے ہیں کہ مُردہ آگ کی لپیٹ میں ہے اور رو رو کر فریاد کر رہا ہے،

یا علیُّ! اَنَا غَرِیْقٌ فِی النَّارِ وَحَرِیْقٌ فِی النَّار.

یعنی اے علی! میں آگ میں ڈوبا ہوا ہوں اور آگ میں جل رہا ہوں۔

مُردہ کی چیخ و پکار سُن کر حیدرِ کرّار کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے بے قرار ہو کر اس کی بخشش کیلئے دعا مانگی۔ غیب سے آواز آئی، "اے علی اس کی سفارش نہ ہی فرمائیں کیوں کہ روزے رکھنے کے باوجود رمضانُ المبارک میں بھی یہ گناہوں سے باز نہ آتا تھا۔ مولائے کائنات مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم یہ سُن کر سجدے میں گر کر رو رو کر عرض کرنے لگے، یا اللہ عزوجل اس کی بے بسی پر رحم فرما اور اس بیچارے کو بخش دے۔ اللہ عزوجل کی رحمت کا دریا جوش میں آگیا اور ندا آئی، اے علی! ہم نے تمہاری شکستہ دلی کے سبب اسے بخش دیا۔ چنانچہ اُس مُردے پر سے عذاب اُٹھا لیا گیا۔" (انیس الواعظین ص ۲۵)

کیوں نہ مشکلکشا کہوں تم کو
تم نے بگڑی مری بنائی ہے

جو لوگ روزہ رکھنے کے باوجود تاش، شطرنج، لُڈو، ویڈیو گیمز، فلمیں ڈرامے، گانے باجے، داڑھی منڈانا یا ایک مُٹھی سے گھٹانا، بلا عذرِ شرعی جماعت ترک کر دینا بلکہ معاذ اللہ عزوجل نماز قضا کر دینا، جھوٹ، غیبت، چغلی، بدگمانی، وعدہ خلافی، گالم گلوچ، بلا اجازتِ شرعی مسلمان کی ایذا رسانی، شرعاً حقدار نہ ہونے کے باوجود گداگری، ماں باپ کی نافرمانی، سُود اور رشوت کا لین دین، کاروبار میں دھوکہ دینا وغیرہ وغیرہ برائیوں سے رَمَضانُ المبارک میں بھی باز نہیں آتے ان کیلئے اوپر دی ہوئی حکایت میں عبرت ہی عبرت ہے۔

رمضان شریف میں گناہوں سے باز نہ آنے والے مزید دو احادیثِ مبارکہ مُلاحظہ فرمائیں اور خود کو اللہ عزوجل کی ناراضگی سے ڈرائیں۔

(۱) "جس نے رَمَضانُ المبارک میں کوئی گناہ کیا تو اللہ عزوجل اُس کے ایک سال کے اعمال برباد کر دے گا۔" (مُلخصاً از مجمع الزوائد ج ۳ ص ۳۴۲)

(۲) "میری اُمّت ذلیل و رسوا نہ ہوگی جب تک وہ ماہِ رمضان کا حق ادا کرتی رہے گی۔" عرض کی گئی، یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم رمضان کا حق ضائع کرنے میں ان کا ذلیل و رسوا ہونا کیا ہے؟ فرمایا، "اس ماہ میں انکا حرام کاموں کا کرنا، پھر فرمایا، جس نے اس ماہ میں زنا کیا یا شراب پی تو اگلے رمضان تک اللہ عزوجل اور جتنے آسمانی فرشتے ہیں سب اُس پر لعنت کرتے ہیں۔ پس اگر یہ شخص اگلے ماہ رَمَضانُ المبارک کو پانے سے پہلے ہی مر گیا تو اس کے پاس کوئی ایسی نیکی نہ ہوگی جو اسے جہنّم کی آگ سے بچا سکے۔ پس تم ماہِ رَمَضانُ المبارک کے معاملے میں ڈرو کیونکہ جس طرح اس ماہ میں اور مہینوں کے مقابلے میں نیکیاں بڑھا دی جاتی ہیں اسی طرح گناہوں کا بھی مُعاملہ ہے۔" (طبرانی معجم صغیر ج ۱ ص ۲۴۸)

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** رَمَضانُ المبارک میں جس طرح نیکیوں کا اجر بڑھا دیا جاتا ہے اسی طرح گناہوں کی ہلاکت خیزیاں بھی بڑھ جاتی ہیں۔ رمضان شریف میں شراب پینے والا اور زنا کرنے والا تو ایسا بدنصیب ہے کہ اگر آئندہ رمضانُ المبارک سے پہلے پہلے مر گیا تو اب اس کے پاس کوئی نیکی ایسی ہوگی ہی نہیں جو اسے جہنّم کی آگ سے بچا سکے۔ یاد رہے! آنکھوں کا زنا بدنگاہی، ہاتھوں کا زنا اجنبیہ کو یا شہوت کے ساتھ امرد کو چھونا ہے۔

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اللہ عزوجل کی رحمت سے مایوسی بھی نہیں، رحمت کے دروازے کھلے ہیں، گڑگڑا کر توبہ کر کے گناہوں سے باز آ جائیے۔ نیک اور سنّتوں کا پابند بننے کیلئے **دعوتِ اسلامی** کے سنّتوں بھرے اجتماعات میں شرکت اور مدنی قافلوں میں سفر کو اپنا معمول بنا لیجئے۔

**مدنی پھول** امیرِ اہلسنّت ابو بلال حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کی تالیف **فیضانِ رَمَضان** کا مُطالَعہ کیجئے اس میں حتَّی الامکان آسان انداز میں فضائل اور سینکڑوں مسائل پیش کئے گئے ہیں یہ اشتہار، فیضانِ رمضان اور امیرِ اہلسنّت کے بیانات کی کیسیٹیں وغیرہ **مکتبۃُ المدینہ** کے ہر بستے سے ھدیۃً طلب کیجئے پڑھ کر دوسرے کو دیدیجئے بلکہ مناسب جگہ پر آویزاں کر کے ثواب کمائیے۔

ناشر: مکتبۃ المدینہ شہید مسجد کھارادر کراچی فون [illegible]

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# چندے کے بارے میں سوال و جواب کا ٹیسٹ پیپر تیار کرنے کے مدنی پھول

﴿1﴾ سوالات اس انداز میں تیار کئے جائیں کہ جوابات مختصر دینے پڑیں۔

﴿2﴾ اکثر پیش آنے والے مسائل کے متعلق سوالات ہوں۔

﴿3﴾ قرآن پاک اور احادیث سے متعلق سوالات نہ ہوں۔

﴿4﴾ جوابی پیپر بھی تیار کرنا ہے۔

﴿5﴾ سوالات کے پیپر میں کتاب کے صفحہ نمبر نہ لکھے جائیں لیکن جوابی پیپر میں جواب کے بعد کتاب کا متعلقہ صفحہ نمبر بھی لکھا جائے۔

﴿6﴾ امتحانی پیپر پر سن عیسوی اور سن مدنی بھی لکھا جائے۔

﴿7﴾ ٹیسٹ کا دورانیہ **﴿30منٹ﴾** ہو گا اس کے مطابق ترکیب بنائی جائے۔

﴿8﴾ یہ آپ کے پاس امانت ہے۔

# دعوتِ اسلامی کے خدمتِ دین کے 90 شعبہ جات

﴿1﴾مدنی انعامات ﴿2﴾مدنی قافلہ ﴿3﴾مجلس بیرونِ ملک ﴿4﴾مدنی تربیت گاہیں ﴿5﴾مجلس ہفتہ وار اجتماع ﴿6﴾مجلس ترقیِ اجتماعات برائے بیرونِ ملک ﴿7﴾ اجتماعی اعتکاف (رمضان 30،10 دن) ﴿8﴾مجلس حج وعمرہ ﴿9﴾مدنی مذاکرہ ﴿10﴾جامعۃ المدینہ (للبنین) ﴿11﴾جامعۃ المدینہ (للبنات) ﴿12﴾مدرسۃ المدینہ (للبنین) ﴿13﴾مدرسۃ المدینہ (جز وقتی) ﴿14﴾مدرسۃ المدینہ کورسز ﴿15﴾مدرسۃ المدینہ (للبنات) ﴿16﴾مدرسۃ المدینہ (بالغان) ﴿17﴾مدرسۃ المدینہ آن لائن ﴿18﴾دار المدینہ (للبنین) ﴿19﴾دار المدینہ (للبنات) ﴿20﴾دار المدینہ (اسکول) ﴿21﴾دارالافتاء اہلسنّت ﴿22﴾المدینہ لائبریری ﴿23﴾تخصُّص فی الفقہ ﴿24﴾مجلس علاج ﴿25﴾مجلس ترقیت ﴿26﴾مجلس کارکردگی فارم و مدنی پھول ﴿27﴾مختلف کورسز (مدنی انعامات و مدنی قافلہ کورس، قفلِ مدینہ کورس، مدنی ترجمی کورس وغیرہ) ﴿28﴾المدینۃُ العلمیہ ﴿29﴾مجلس تراجم ﴿30﴾مکتبۃُ المدینہ ﴿31﴾مکتبۃ المدینہ کے بستے ﴿32﴾مدنی چینل ﴿33﴾مجلس آئی ٹی ﴿34﴾مجلس معروی رسالے ﴿35﴾شعبۂ تعلیم ﴿36﴾مجلس کورسز برائے شعبۂ تعلیم ﴿37﴾مجلس خصوصی اسلامی بھائی ﴿38﴾مجلس اصلاح برائے قیدیان ﴿39﴾مجلس تاجران ﴿40﴾مجلس وکلاء و ججز ﴿41﴾مجلس ذرائع آمد و رفت (ٹرانسپورٹرز) ﴿42﴾مجلس ڈاکٹرز ﴿43﴾مجلس ہومیو پیتھک ڈاکٹرز ﴿44﴾مجلس ویٹرنری ڈاکٹرز (معالج حیوانات) ﴿45﴾مجلس حکیم ﴿46﴾مجلس اصلاح برائے کھلاڑیان ﴿47﴾مجلس عشر و اطراف گاؤں ﴿48﴾مجلس رابطہ ﴿49﴾مجلس رابطہ بالعلماء والمشائخ ﴿50﴾مجلس مزاراتِ اولیاء ﴿51﴾مجلس نشر و اشاعت ﴿52﴾مجلس گوشت فروش ﴿53﴾مجلس خدام المساجد ﴿54﴾آئمہ مساجد ﴿55﴾مجلس مکتوبات و تعویذاتِ عطاریہ ﴿56﴾مجلس صحرائے مدینہ ﴿57﴾مجلس لنگرِ رسائل ﴿58﴾مجلس خیر خواہی (زلزلہ وسیلاب زدگان وغیرہ) ﴿59﴾مجلس افرادی قوت (H.R) ﴿60﴾مجلس امامت کورس ﴿61﴾لنگرِ رضویہ ﴿62﴾مجلس مالیات ﴿63﴾مجلس اثاثہ جات ﴿64﴾مجلس اجارہ ﴿65﴾مجلس حفاظتی امور ﴿66﴾مجلس فیضانِ مدینہ (مدنی مراکز) ﴿67﴾مجلس تعمیرات ﴿68﴾مجلس کارکردگی ﴿69﴾مجلس مدنی عطیات بکس ﴿70﴾مجلس مدنی بہاریں ﴿71﴾مجلس فیضانِ مُرشد ﴿72﴾مجلس تجہیز و تکفین ﴿73﴾مجلس اجتماعِ ذکر و نعت ﴿74﴾مجلس کورس برائے نومسلم ﴿75﴾مجلس میت ﴿76﴾مدرسۃ المدینہ للبنین (رہائشی)۔ **اسلامی بہنوں کے شعبے:** ﴿77﴾عالمی مجلس مشاورت ﴿78﴾مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں ﴿79﴾مجلس فیضانِ مُرشد ﴿80﴾مجلس شعبۂ تعلیم ﴿81﴾مجلس خصوصی اسلامی بہنیں ﴿82﴾مجلس مدنی انعامات ﴿83﴾مدرسۃ المدینہ (بالغات) ﴿84﴾مجلس کورسز ﴿85﴾مجلس حفاظتی امور ﴿86﴾مجلس رابطہ ﴿87﴾مدنی تربیت گاہ ﴿88﴾مجلس مدرسۃ المدینہ للبنات آن لائن ﴿89﴾مجلس تعویذاتِ عطاریہ ﴿90﴾مجلس علاج

**عطیات جمع کروانے کے لئے بینک اکاؤنٹ نمبرز**

| برائے زکوۃ وصدقات واجبہ | برائے عطیات وصدقات نافلہ |
| --- | --- |
| A/C No. 0388514411000260 | A/C No.0388841531000263 |
| Title : Dawateislami | Title : Dawateislami |
| Bank : MCB Bank | Bank : MCB BANK |
| Cloth Market Branch (0063) Karachi. | Cloth Market Branch (0063) Karachi. |

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْن اَمَّابَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

# ماہِ رمضان کے تربیتی حلقوں کا جدول

| نمبر شمار | شعبہ | دورانیہ | ہفتہ | مبلغہ | معاون کتب و رسائل و کیسٹ CD | دیگر تفصیلات |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | تلاوت | 3منٹ | ہر ہفتے | تربیتی حلقہ ذمہ دار اسلامی بہن باری دیں گی | – | – |
| 2 | نعت شریف | 4منٹ | ہر ہفتے | تربیتی حلقہ ذمہ دار اسلامی بہن باری دیں گی (پرانی اسلامی بہن کی ترکیب) | حدائقِ بخشش، ذوقِ نعت، وسائلِ بخشش (تخریج شدہ) | – |
| 3 | اجتماعی فکرِ مدینہ | 5منٹ | ہر ہفتے | تربیتی حلقہ ذمہ دار اسلامی بہن | – | – |
| 4 | مدنی مذاکرے کی اہمیت | 40منٹ | پہلا ہفتہ | علاقہ مجلس مشاورت | – | روزانہ پابندی سے مدنی مذاکرہ سننے کی بھرپور ترغیب دلائی جائے۔ |
| 5 | صلوٰۃ التسبیح، سجدۂ تلاوت، سجدۂ شکر کا طریقہ | 35منٹ | دوسرا ہفتہ | حلقہ مجلس مشاورت | کتاب اسلامی بہنوں کی نماز | اپنے گھروں میں انفرادی طور پر پڑھنے کا ذھن دیا جائے۔ |
| 6 | اعلانات | 10منٹ | ہر ہفتے | علاقہ مجلس مشاورت | – | – |
| 7 | انفرادی عبادت اور مدنی کام | 40منٹ | پہلا ہفتہ | علاقہ مجلس مشاورت | بڑی گھبراہٹ، گیا وقت پھر ہاتھ نہیں آتا، خوش نصیب گویّا، بادشاہ اینٹ کیسے بنا؟ (امیر اہلسنت کے آڈیو بیانات) مدنی مذاکرہ 24، مقصدِ حیات (مکتبۃ المدینہ کا vcd بیان) کتب و رسائل انمول ہیرے، غفلت، پُراسرار خزانہ | ماہِ رمضان کی ہر گھڑی بہت قیمتی ہے اس کا احساس دلاتے ہوئے نظام الاوقات بنانے کا ذہن دیا جائے، تلاوتِ قرآن پاک کرنے، مدنی کام کرنے اور مدنی عطیات کے لیے کوشش کرنے کی ترغیب دلائی جائے نیز مکتبۃ المدینہ سے جاری کردہ پمفلٹ "ماہِ رمضان میں گناہ کرنے والے کی قبر کا بھیانک منظر" ﴿دعوتِ اسلامی کی ویب سائیٹ سے المدینہ لائبریری کے option میں یہ پمفلٹ ڈاؤن لوڈ کر کے حاصل کر سکتی ہیں﴾ سے مدد لے کر گناہوں سے بچنے اور رمضان میں بازاروں میں گھوم پھر کر وقت برباد کرنے سے بچنے کا ذہن بھی دیا جائے۔ |
| 8 | ترغیب مدنی انعامات | 45منٹ | دوسرا ہفتہ | حلقہ مجلس مشاورت | ایک مبلغ کو کیسا ہونا چاہیئے؟ نیک بننے کا نسخہ (امیرِ اہلسنت کے آڈیو بیانات) فیضانِ مدنی انعامات (مکتبۃ المدینہ کا آڈیو بیان) مدنی مذاکرہ 14، 21، 23، 49، 74، 76، 83، 94، 98، 109، 116، 144، 147، 159 کتب و رسائل: فکرِ مدینہ، شاہراہِ اولیاء، فیضانِ رمضان، اصلاحِ اعمال، جنت کے طلبگاروں کے لیے مدنی گلدستہ، نیک بننے کا نسخہ | ماہِ رمضان میں زیادہ سے زیادہ مدنی انعامات پر عمل کرنے کی ترغیب دلائی جائے اور مزید 12 ماہ استقامت کے ساتھ عمل اور رسالہ پُر کر کے جمع کروانے کی نیت بھی کروائی جائے۔ |
| 9 | اعتکاف کی فقہی تربیت | 40منٹ | تیسرا ہفتہ | حلقہ و علاقہ مجلس مشاورت کی وہ اسلامی بہن کریں جو خود بھی اعتکاف میں بیٹھ چکی ہوں بہتر ہے کہ وہ مَدَنیّہ بھی ہوں۔ | مشکل کشائی کی فضیلت (امیرِ اہلسنت کا آڈیو بیان) مدنی مذاکرہ 11، 36، 37، 38، 39، 40، 41، 43، 54، 73، 97، 98، 105، 110، 141، 143، 145 جدول برائے اعتکاف (آخری عشرہ) | اعتکاف کن باتوں سے ٹوٹ جاتا ہے؟ اعتکاف میں کیا کیا کرنا چاہیئے؟ کیا نہیں کرنا چاہیئے؟؟ اس حوالے سے تربیت کی جائے۔ اسلامی بہنوں کا یہ ذہن بنایا جائے کہ وہ نوافل کی جگہ قضاء عمری ادا کریں اور اس کے لیے امیرِ اہلسنت کا رسالہ "قضاء عمری کا طریقہ" کا مطالعہ فرمائیں۔ جدول برائے اعتکاف (آخری عشرہ) ہدیۃً تقسیم کیے جائیں۔ |

| نمبر شمار | شعبہ | دورانیہ | ہفتہ | مبلغہ | معاون کتب و رسائل و کیسٹ CD | دیگر تفصیلات |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 11 | اعتکاف کی روحانی تربیت | 40منٹ | تیسرا ہفتہ | حلقہ و علاقہ مجلسِ مشاورت (تربیت کرنے والی کے لیے ضروری ہے کہ وہ خود بھی اعتکاف میں بیٹھ چکی ہوں) | زبان کا قفلِ مدینہ (امیرِ اہلسنت کا آڈیو بیان) خاموش شہزادہ، اعتکاف کے مدنی پھول (مکتبۃ المدینہ کا vcd بیان) رنگ برنگے مدنی پھول(DVD) کتب و رسائل: پیٹ کا قفلِ مدینہ | اعتکاف میں روحانیت حاصل کرنے کے لیے مستقل قفلِ مدینہ تحریک میں شامل ہونے کی ترغیب دلائی جائے تاکہ بعدِ اعتکاف بھی روحانیت باقی رہے اس کے لیے بالخصوص پیٹ، زبان اور آنکھوں کا قفلِ مدینہ لگانے کا ذھن دیا جائے اور ضروری بات بھی لکھ کر یا اشارے سے نگاہیں گاڑے بغیر کرنے کی ترغیب دلائی جائے۔ |
| 11 | صلٰوۃ الغوثیہ کا طریقہ بتانا | 18منٹ | چوتھا ہفتہ | علاقہ مجلسِ مشاورت | کتاب: اسلامی بہنوں کی نماز | - |
| 12 | تصورِ شیخ (بیان) | 35منٹ | چوتھا ہفتہ | علاقہ مجلسِ مشاورت | مدنی مذاکرہ 33 کتب و رسائل: آدابِ مرشدِ کامل، فیضانِ مرشد | تصورِ شیخ کے دلائل اور اس کے طریقے بھی بتائے جائیں۔ |
| 13 | شجرۂ عالیہ | 20منٹ | چوتھا ہفتہ | تربیتی حلقہ ذمہ دار اسلامی بہن باری دیں گی (پرانی اسلامی بہن کی ترکیب) | - | طرز کے ساتھ پڑھا جائے اور اس شعر کی تکرار کی جائے<br>عشقِ احمد میں عطا کر چشمِ تر سوزِ جگر پیر و مرشد عاشقِ خیر الورٰی کے واسطے |
| 14 | منقبت | 7منٹ | چوتھا ہفتہ | تربیتی حلقہ ذمہ دار اسلامی بہن باری دیں گی (پرانی اسلامی بہن کی ترکیب) | - | امیرِ اہلسنت کی شان میں پڑھی جائے۔ |
| 15 | لیلۃ الجائزہ کی اہمیت | 30منٹ | پانچواں ہفتہ | علاقہ مجلسِ مشاورت | کتب و رسائل: فیضانِ رمضان، مکاشفۃ القلوب | - |
| 16 | عید کس طرح منائیں؟ | 35منٹ | پانچواں ہفتہ | علاقہ مجلسِ مشاورت | عید کس طرح منائیں؟ یومِ عید یا یومِ وعید، عید کی غذائیں (امیر اہلسنت کا آڈیو بیانات) مدنی مذاکرہ 98، 143 کتاب: فیضانِ رمضان | ذمہ داران بے پردگی و ناجائز فیشن سے بچتے ہوئے سادگی کے ساتھ عید منائیں نیز رشتہ داروں پر انفرادی کوشش کرنے کا ذھن بھی دیا جائے۔ |
| 17 | کلام | 15منٹ | پانچواں ہفتہ | تربیتی حلقہ ذمہ دار اسلامی بہن باری دیں گی (پرانی اسلامی بہن کی ترکیب) | وسائلِ بخشش (تخریج شُدہ) | ماہِ رمضان کا الوداعی کلام پڑھا جائے۔ |
| 18 | دُعا | 10منٹ | ہر ہفتے | تربیتی حلقہ ذمہ دار اسلامی بہن باری دیں گی (پرانی اسلامی بہن کی ترکیب) | - | - |
| 19 | صلٰوۃ و سلام | 5منٹ | ہر ہفتے | تربیتی حلقہ ذمہ دار اسلامی بہن باری دیں گی (پرانی اسلامی بہن کی ترکیب) | حدائقِ بخشش، ذوقِ نعت، وسائلِ بخشش (تخریج شُدہ) | - |
| 21 | اختتامی دعا | 3منٹ | ہر ہفتے | تربیتی حلقہ ذمہ دار اسلامی بہن باری دیں گی (پرانی اسلامی بہن کی ترکیب) | - | - |

☆ ہر ہفتے تربیتی حلقے کا دورانیہ 120 منٹ ﴿2 گھنٹے﴾ ہوگا۔ ☆ ماہِ رمضان کا تیسرا تربیتی حلقہ اگر 19 ویں روزے کے بعد آنے والا ہو تو ایسی صورت میں تیسرے ہفتے کا جدول دوسرے ہفتے میں اور دوسرے ہفتے کا جدول چوتھے ہفتے میں کرنے کی ترکیب بنائی جائے۔ ☆ اگر ماہِ رمضان کا چوتھا ہفتہ میں تربیتی حلقہ 26 ویں روزے کے بعد آنے والا ہو تو ایسی صورت میں چوتھے ہفتے کا جدول تیسرے ہفتے میں کرنے کی ترکیب بنائی جائے۔

سن مدنی1436ھ عیسوی2015

ماہِ رمضان

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْن اَمَّا بَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

کابینہ ______________

کابینات ______________

ماہ وسن ( مدنی) ______________ (عیسوی) ______________

کابینہ مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن (ام / بنت) ______________

# عازمین مدینہ علاقہ تا عالمی مجلس مشاورت مع شعبہ جات ذمہ داران

## (کابینہ سطح)

| نمبر شمار | اسلامی بہن کے کوائف | | | | | محرم یا بچوں کے ابو کے کوائف | | | | روانگی کی تاریخ (اگر پتہ چل چکی ہو تو) | کس گروپ کے ساتھ جانے کی ترکیب ہے؟ (تفصیلات عنایت فرمادیں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ڈویژن | علاقہ | نام (ام/بنت) | تنظیمی ذمہ داری | رابطہ نمبرز (اگر دو نمبرز ہوں تو مدینہ مدینہ) | نام (جو سفر میں ساتھ ہوں گے) | رشتہ | تنظیمی ذمہ داری | رابطہ نمبرز (اگر دو نمبرز ہوں تو مدینہ مدینہ) | | |
| 1 | | | | | | | | | | | |
| 2 | | | | | | | | | | | |
| 3 | | | | | | | | | | | |
| 4 | | | | | | | | | | | |
| 5 | | | | | | | | | | | |
| 6 | | | | | | | | | | | |
| 7 | | | | | | | | | | | |
| 8 | | | | | | | | | | | |
| 9 | | | | | | | | | | | |
| 10 | | | | | | | | | | | |
| 11 | | | | | | | | | | | |
| 12 | | | | | | | | | | | |

**مدنی پھول**: ☆اگر کابینات اور ملک سطح کی ذمہ دار اسلامی بہن کی رہائش آپ کی کابینہ میں ہو اور وہ بھی "حج" کا ارادہ رکھتی ہوں تو ان کا نام بھی اسی فارم لکھ دیا جائے۔☆ یہ فارم 6 شوال المکرم تک پر فرما کر کابینات ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں۔☆بیرون ملک کی ذمہ دار اسلامی بہن 6 شوال المکرم تک پر فرما کر متعلقہ رکن عالمی مجلس مشاورت کو بذریعہ mail جمع کروائیں۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

کابینات________ ماہ و سن (مدنی)________(عیسوی)________

# عازمینِ مدینہ علاقہ تا عالمی مجلس مشاورت مع شعبہ جات ذمہ داران (کابینات سطح)

ملک________ کابینات ذمہ دار اسلامی بہن (ام / بنت)________

| نمبر شمار | اسلامی بہن کے کوائف | | | | | | محرم یا بچوں کے ابو کے کوائف | | | | روانگی کی تاریخ (اگر پتہ چل چکی ہو تو) | کس گروپ کے ساتھ جانے کی ترکیب ہے؟ (تفصیلات عنایت فرمادیں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | کابینہ | ڈویژن | علاقہ | نام (اُم/بنت) | تنظیمی ذمہ داری | رابطہ نمبرز (اگر دو نمبرز ہوں تو مدینہ مدینہ) | نام (جو سفر میں ساتھ ہوں گے) | رشتہ | تنظیمی ذمہ داری | رابطہ نمبرز (اگر دو نمبرز ہوں تو مدینہ مدینہ) | | |
| 1 | | | | | | | | | | | | |
| 2 | | | | | | | | | | | | |
| 3 | | | | | | | | | | | | |
| 4 | | | | | | | | | | | | |
| 5 | | | | | | | | | | | | |
| 6 | | | | | | | | | | | | |
| 7 | | | | | | | | | | | | |
| 8 | | | | | | | | | | | | |
| 9 | | | | | | | | | | | | |
| 10 | | | | | | | | | | | | |
| 11 | | | | | | | | | | | | |
| 12 | | | | | | | | | | | | |

**مدنی پھول**: یہ فارم 8 شوال المکرم تک پر فرما کر ملک ذمہ دار اسلامی بہن کو بذریعہ mail جمع کروائیں۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْن اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

ملک ____________

ممالک ____________

ماہ و سن ( مدنی) ________ (عیسوی) ____________

ملک سطح ذمہ دار اسلامی بہن (ام / بنت) __________

# عازمین مدینہ علاقہ تا عالمی مجلس مشاورت مع شعبہ جات ذمہ داران

## (ملک سطح)

| نمبر شمار | اسلامی بہن کے کوائف | | | | | | | محرم یا بچوں کے ابو کے کوائف | | | | روانگی کی تاریخ (اگر پتہ چل چکی ہو تو) | کس گروپ کے ساتھ جانے کی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | کابینات | کابینہ | ڈویژن | علاقہ | نام (ام/بنت) | تنظیمی ذمہ داری | رابطہ نمبرز (اگر دو نمبرز ہوں تو مدینہ مدینہ) | نام (جو سفر میں ساتھ ہوں گے) | رشتہ | تنظیمی ذمہ داری | رابطہ نمبرز (اگر دو نمبرز ہوں تو مدینہ مدینہ) | | |
| 1 | | | | | | | | | | | | | |
| 2 | | | | | | | | | | | | | |
| 3 | | | | | | | | | | | | | |
| 4 | | | | | | | | | | | | | |
| 5 | | | | | | | | | | | | | |
| 6 | | | | | | | | | | | | | |
| 7 | | | | | | | | | | | | | |
| 8 | | | | | | | | | | | | | |
| 9 | | | | | | | | | | | | | |
| 10 | | | | | | | | | | | | | |
| 11 | | | | | | | | | | | | | |
| 12 | | | | | | | | | | | | | |
| 13 | | | | | | | | | | | | | |
| 12 | | | | | | | | | | | | | |

**مدنی پھول:** یہ فارم 10 شوال المکرم تک پر فرما کر متعلقہ رکن عالمی مجلس مشاورت کو جمع کروائیں۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

ممالک__________

# عازمین مدینہ علاقہ تا عالمی مجلس مشاورت مع شعبہ جات ذمہ داران

## (ممالک سطح)

ماہ و سن (مدنی)____________(عیسوی)__________

رکن عالمی مجلس مشاورت (اُم/بنت)______________

| نمبر شمار | اسلامی بہن کے کوائف | | | | | | | محرم یا بچوں کے ابو کے کوائف | | | | روانگی کی تاریخ (اگر پتہ چل چکی ہو تو) | کس گروپ کے ساتھ جانے کی ترکیب ہے؟ (تفصیلات عنایت فرمادیں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ملک | کابینہ / کابینات/ شہر | ڈویژن | علاقہ | نام (اُم/بنت) | تنظیمی ذمہ داری | رابطہ نمبرز (اگر دو نمبرز ہوں تو مدینہ مدینہ) | نام (جو سفر میں ساتھ ہوں گے) | رشتہ | تنظیمی ذمہ داری | رابطہ نمبرز (اگر دو نمبرز ہوں تو مدینہ مدینہ) | | |
| 1 | | | | | | | | | | | | | |
| 2 | | | | | | | | | | | | | |
| 3 | | | | | | | | | | | | | |
| 4 | | | | | | | | | | | | | |
| 5 | | | | | | | | | | | | | |
| 6 | | | | | | | | | | | | | |
| 7 | | | | | | | | | | | | | |
| 8 | | | | | | | | | | | | | |
| 9 | | | | | | | | | | | | | |
| 10 | | | | | | | | | | | | | |
| 11 | | | | | | | | | | | | | |
| 12 | | | | | | | | | | | | | |

**مدنی پھول**: یہ فارم 14 شوال المکرم تک پر فرما کر عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار کو بذریعہ mail جمع کروائیں۔

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْن اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

نگرانِ مجلس مدنی کام برائے
اسلامی بہنیں (رکن شوریٰ)
ابوماجد عطاری

# عازمینِ مدینہ علاقہ تا عالمی مجلس مشاورت مع شعبہ جات ذمہ داران

## (عالمی سطح)

ماہ وسن (مدنی)_______(عیسوی)____________

عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار (اُم/بنت) **اُم میلاد عطاریہ**

| نمبر شمار | اسلامی بہن کے کوائف | | | | | | | | محرم / بچوں کے ابو کے کوائف | | | | روانگی کی تاریخ (اگر پتہ چل چکی ہو تو) | کس گروپ کے ساتھ جانے کی ترکیب ہے؟ (تفصیلات عنایت فرمادیں) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ممالک | ملک | کابینہ/ کابینات | ڈویژن | علاقہ | نام (اُم/بنت) | تنظیمی ذمہ داری | رابطہ نمبرز (اگر دو نمبرز ہوں تو مدینہ مدینہ) | نام (جو سفر میں ساتھ ہوں گے) | رشتہ | تنظیمی ذمہ داری | رابطہ نمبرز (اگر دو نمبرز ہوں تو مدینہ مدینہ) | | |
| 1 | | | | | | | | | | | | | | |
| 2 | | | | | | | | | | | | | | |
| 3 | | | | | | | | | | | | | | |
| 4 | | | | | | | | | | | | | | |
| 5 | | | | | | | | | | | | | | |
| 6 | | | | | | | | | | | | | | |
| 7 | | | | | | | | | | | | | | |
| 8 | | | | | | | | | | | | | | |

**مدنی پھول:** یہ فارم 16شوال المکرم تک پر فرما کر نگران مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں (رکن شوریٰ) کو بذریعہ mail جمع کروائیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

## جدول برائے اعتکاف (آخری عشرہ) رمضان المبارک (1436ھ، 2015ء)

## اسلامی بہنوں کے لئے

اِسلامی بہنیں اعتکاف اپنے گھر میں ''مسجدِ بیت'' میں کریں۔ کسی بھی اِسلامی بہن کو مدنی مرکز کی طرف سے اپنے گھر کے علاوہ کسی دوسرے کے گھر جا کر اعتکاف کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

## دُرُودِپاک کی فضیلت

شیخِ طریقت امیرِ اہلسنّت بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ اپنے رِسالے ''ضیائے درود وسلام'' میں ص 4 پر فرمانِ مصطفٰی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم نقل فرماتے ہیں: تم جہاں بھی ہو مجھ پر درود پڑھو کہ تمہارا درود مجھ تک پہنچتا ہے۔

(المعجم الکبیر ج3، ص82، حدیث2729، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت)

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيْب صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد

## اسلامی بہنوں کا اعتکاف

شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ اپنی مایہ ناز تالیف ''فیضانِ سنت'' (تخریج شدہ)، جلد اول صفحہ 1248 میں لکھتے ہیں:

اُمُّ الْمُؤمِنِین حضرتِ سَیِّدَتُنا عائِشہ صِدّیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا رِوایت فرماتی ہیں، ''نبیوں کے سلطان، رحمتِ عالمیان، سردارِ دو جہان، محبوبِ رحمٰن عزَّوَجلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم رَمَضانُ الْمُبارَک کے آخری دس دنوں کا اعتِکاف فرمایا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ **اللہ** عزَّوَجلَّ نے آپ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو وفاتِ (ظاہری) عطا فرمائی۔ پھر آپ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے بعد آپ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی ازواجِ مُطَہَّرات رضی اللّٰہ تعالیٰ عنھن اِعتِکاف کرتی تھیں۔'' (صحیح البُخاری ج1، ص664 حدیث2026 دار الکتب العلمیہ)

## اسلامی بہنیں بھی اعتکاف کریں

اِسلامی بہنوں کو بھی اعتِکاف کی سعادت حاصِل کرنی چاہیے۔ وَیسے بھی جو باحیا اسلامی بہنیں ہیں وہ تو اپنے گھروں کے اندر پردہ نشین ہی ہوتی ہیں کیونکہ گلیوں اور بازاروں میں بے پردہ پھرنا بے حیا عورتوں کا کام

ہے۔ لہٰذا باحیا اسلامی بہنوں کیلئے اعتِکاف کرنا شاید زیادہ مشکل نہ ہو۔ اگر تھوڑی سی تکلیف ہو بھی تو کیا حَرَج ہے؟ رَمَضانُ المُبارَک کا مہینہ کہاں روز روز آتا ہے! پھر دس ہی دنوں کی تو بات ہے۔ اسلامی بہنوں کو چُونکہ مسجِد بَیت (تفصیل آگے آتی ہے) میں جو کہ نہایت ہی مختصر جگہ ہوتی ہے اعتِکاف کرنا ہوتا ہے تو یوں قَبر کی بھی یاد تازہ ہو جاتی ہے، کہ بَہُو بیٹیوں اور مُنّے مُنّیوں کی رَونَقوں میں دس دن کونے میں بیٹھنا گِراں گزر رہا ہے تو ناراضیٔ خدا و مصطفےٰ عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی صورت میں تنہا قَبر میں ہزاروں سال کس طرح گزارہ ہوگا؟ اگر آپ دس دن رَمَضانُ المُبارَک میں اپنے گھر میں اِعتِکاف کی حالت میں گزاریں تو کیا عَجَب کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کی بَرَکت سے اور اپنی رَحمت سے آپ کی قَبر اور مدینۂ مُنوَّرہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّ تَکرِیمًا کے درمیان تمام پردہ ہائے حائل اُٹھا دے۔ ہر اسلامی بَہن کو زندگی میں کم از کم ایک بار تو اِس سَعَادَت کو حاصِل کرنا ہی چاہئے۔

## ”تاجدارِ مرسلین“ کے بارہ حُروف کی نسبت سے اسلامی بہنوں کیلئے 12 مَدَنی پھول

1. اسلامی بہنیں مسجِد میں نہیں صرف مسجِد بَیت میں اعتِکاف کریں۔ مسجِد بَیت اُس جگہ کو کہتے ہیں جو عورت گھر میں اپنی نَماز کے لیئے مخصوص کر لیتی ہے۔ اسلامی بَہنوں کیلئے یہ مُستَحَب بھی ہے کہ گھر میں نَماز پڑھنے کے لیئے جگہ مقرَّر کریں اور اُس جگہ کو پاک وصاف رکھیں اور بہتر یہ ہے کہ اُس جگہ کو چبوترے وغیرہ کی طرح بُلند کر لیں۔ بلکہ اسلامی بھائیوں کو بھی چاہیے کہ نَوافِل کے لیئے گھر میں کوئی جگہ مقرَّر کر لیں کہ نَفل نَماز گھر میں پڑھنا افضل ہے۔ (دُرِّمُختَار، رَدّالمُحتَار، ج3، ص494 دارالمعرفۃ البیروت بھارِ شریعت جلد ۱، ص ۱۰۲۱ مکتبۃ المدینہ)
2. اگر اِسلامی بہن نے نَماز کے لئے کوئی جگہ مقرَّر نہیں کر رکھی تو گھر میں اِعتِکاف نہیں کر سکتی البتّہ اگر اُس وَقت یعنی جبکہ اِعتِکاف کا ارادہ کیا کسی جگہ کو نَماز کیلئے خاص کر لیا تو اُس جگہ اِعتِکاف کر سکتی ہے۔ (دُرِّمُختَار، رَدّالمُحتَار، ج3، ص494)
3. کسی اور کے گھر جا کر اسلامی بہن اعتکاف نہیں کر سکتی۔
4. شوہر کی اجازت کے بِغیر بیوی کے لیئے اِعتِکاف کرنا جائز نہیں۔ (رَدّالمُحتَار، ج3، ص494)
5. اگر بیوی نے شوہر کی اجازت سے اِعتِکاف شروع کر دیا، بعد میں شوہر مَنع کرنا چاہتا ہے تو اب مَنع نہیں کر سکتا۔ اور اگر مَنع کرے گا تو اسکا منع کرنا صحیح نہیں ہے۔ (عالمگیری ج ۱، ص ۲۱۱ دارالفکر بیروت)

6 اسلامی بہنوں کے اِعتِکاف کے لئے یہ بھی ضَروری ہے کہ وہ حَیض اورنِفاس سے پاک ہوں کہ ان دنوں میں نَماز، روزہ اور تِلاوتِ قراٰن حرام ہے۔(رد المختار ج ۳، ص ۴۹۴، عالمگیری ج ۱، ص ۲۱۱)

(عورت کو بچّہ کی پیدائش کے بعد جو خون آتا رہتا ہے اس کو نِفاس کہتے ہیں۔اس کی زیادہ سے زیادہ مدت چالیس دن اور چالیس رات ہے۔ چالیس دن رات کے بعد اگر خون بند نہ ہو تو بیماری ہے، غسل کر کے نَماز، روزہ شروع کر دیں۔ اسلامی بہنوں میں یہ عام غَلَط فہمی ہے اور وہ سمجھتی ہیں کہ نفاس کی مدّت مکمّل چالیس دن ہے حالانکہ ایسا نہیں۔حکمِ شریعت یہ ہے کہ اگر خون ایک دن میں بند ہو گیا، بلکہ بچّہ ہونے کے بعد فوراً ہی بند ہو گیا تو نِفاس ختم ہوا، غسل کر کے نَماز، روزہ شروع کر دیں۔حیض کی مدّت کم از کم تین دن رات اور زیادہ سے زیادہ دس دن رات ہے۔ تین دن اور تین رات کے بعد جب بھی خون بند ہوا فوراً غسل کرلیں اور نماز وغیرہ شروع کر دیں۔(یہاں شوہر والیوں کیلئے کچھ تفصیل ہے اسے بہارِ شریعت حصہ ۲ میں لازِمی ملاحظہ فرمائیں) اور اگر دس دن رات کے بعد خون جاری رہا تو اِستحاضہ یعنی بیماری ہے۔دس دن رات پورے ہوتے ہی غسل کر کے نَماز روزہ شروع کر دیں)

7 اِعتِکافِ سُنّت شروع کرنے سے قَبل یہ دیکھ لینا چاہئے کہ ان دنوں میں ماہواری کی تاریخیں آنے والی تو نہیں۔اگر تاریخیں رَمَضان کے آخِری عَشرہ میں آنے والی ہوں تو اِعتِکاف شروع ہی نہ کریں۔

8 اگر حالتِ اِعتکاف میں عورت کو حیض آجائے تو اس کا اعتکاف ٹوٹ جائے گا۔

(بدائع الصنائع، ج2، ص 287، داراحیاء التراث العربی بیروت)

اِس صُورت میں جس دن اس کا اِعتِکاف ٹوٹا ہے صِرف اُس ایک دن کی قَضا اُس کے ذِمّے واجِب ہوگی

(ردالمحتار، ج3،ص 501)

ماہواری سے پاک ہونے کے بعد کسی دن بہ نِیّت قضا اِعتِکاف کرلے۔اگر رَمَضان شریف کے دن باقی ہوں تو رَمَضانُ الْمُبارَك میں بھی قَضا کر سکتی ہے۔اس صورت میں رَمَضانُ الْمُبارَك کا روزہ ہی کافی ہوجائے گا۔اگر اُن دنوں قضا کرنا نہیں چاہتی یا پاک ہونے تک رَمَضانُ الْمُبارَک خَتم ہوجائے تو کسی اور دن قَضا کرلے۔مگر عیدُ الْفِطر اور ذُوالْحِجَّةُ الْحَرام کی دسویں تا تیرھویں کے علاوہ کہ ان پانچ دنوں کے روزے مکروہِ تحریمی ہیں۔ (اَلدُّرُّالْمُختَار مَعَہٗ رَدّالْمُحتَار، ج 3، ص 391)

# اعتکاف قضاء کرنے کا طریقہ

قضا کا طریقہ یہ ہے کہ غروبِ آفتاب کے وقت (بلکہ اِحتیاط اس میں ہے کہ چند منٹ مزید قبل) بہ نیّت قضا

اعتِکاف مسجدِ بیت میں آجائے اوراب جو دن آئے گا اُس کے غُروبِ آفتاب تک معتکف رہے۔
اِس میں روزہ شَرط ہے۔

﴿9﴾ شَرعی ضَروریات کے بِغیر جائے اِعتِکاف سے نکلنا جائز نہیں۔ وہاں سے اٹھ کر گھر کے کسی اور حِصّے میں بھی نہیں جاسکتی۔ اگر جائے گی تو اِعتِکاف ٹوٹ جائے گا۔

﴿10﴾ اسلامی بہنوں کیلئے بھی اِعتِکاف کی جگہ سے ہٹنے کے وُہی اَحکام ہیں جو اسلامی بھائیوں کے ہیں۔ یعنی جن ضَروریات کی وجہ سے اِسلامی بھائیوں کو مسجِد سے نکلنا جائز ہے، اِنہیں کے لئے اِسلامی بہنوں کو بھی اِعتِکاف کی جگہ سے ہٹنا جائز اور جن کاموں کیلئے مَردوں کو مسجِد سے نِکلنا جائز نہیں، اِن کیلئے اِسلامی بہنوں کو بھی اپنی جگہ سے ہٹنا جائز نہیں۔

﴿11﴾ اِسلامی بہنیں اِعتِکاف کے دَوران اپنی جگہ بیٹھے بیٹھے سِینے پِرونے کا کام کرسکتی ہیں۔ گھر کے کاموں کے لئے دُوسروں کو ہدایات بھی دے سکتی ہیں مگر خود اُٹھ کر نہ جائیں۔

﴿12﴾ بہتر یہ ہے کہ اِعتِکاف کے دَوران ساری تَوَجُّہ تِلاوت، ذِکرودُرُود، تسبیحات، دینی مطالَعہ سنّتوں بھرے بیانات کی کیسیٹیں سننے، مدنی مذاکرے، مدنی چینل وغیرہ (بہارِ شریعت ج3 حصہ 16، صفحہ 443، مسئلہ نمبر 6: عورت کا مردِ اجنبی کی طرف نظر کرنے کا وہی حکم ہے، جو مرد کا مرد کی طرف نظر کرنے کا ہے اور یہ اس وقت ہے کہ عورت کو یقین کے ساتھ معلوم ہو، کہ اس کی طرف نظر کرنے سے شہوت نہیں پیدا ہوگی اور اگر اس کا شُبہہ بھی ہو تو ہر گز نظر نہ کرے) اور دیگر عِبادات کی طرف رہے، دوسرے کاموں میں زیادہ وَقْت صَرف نہ کریں۔

**''جَدوَل''** مَدَنی اِنعامات کے مطابِق مُرتَّب کرنے کی کوشِش کی گئی ہے۔ جہاں جہاں الفاظ انڈر لائن ہیں وہ ''مَدَنی انعامات'' ہیں۔

**اعتکاف کی نیتیں:** امیرِ اہلسنت، بانئ دعوت اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتھم العالیہ اپنی تالیف ''فیضانِ سنت'' (جلد اول تخریج شدہ) ص 1191 میں معجم کبیر کی حدیث پاک نقل کرتے ہیں۔

نبی کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم فرماتے ہیں: ''نِيَّةُ الْمُؤْمِنِ خَيْرٌ مِّنْ عَمَلِهٖ'' مسلمان کی نیت اُس کے عمل سے بہتر ہے۔ (''المعجم الکبیر''، الحدیث 5942، ج6، ص185)

اپنے اعتکاف کی عظیم الشان نیکی کے ساتھ مزید اچھی اچھی نیتیں شامل کر کے ثواب میں خوب اِضافہ کیجئے

امیر اہلسنت نے اپنی مایہ ناز (تصنیف) تالیف فیضان سنت میں اسلامی بھائیوں کے اجتماعی اعتکاف کیلئے نیتیں تحریر فرمائی ہیں، اسلامی بہنوں کے لیئے حسب ضرورت ترمیم کے ساتھ چند نیتیں پیشِ خدمت ہیں۔

(۱) تصوُّف کے ان مَدَنی اُصولوں (الف) تقلیلِ طَعام (یعنی کم کھانا) (ب) تَقلِیلِ کلام (یعنی کم بولنا) (ج) تَقلیلِ مَنام (یعنی کم سونا) پر کاربند رہوں گی (۲) ہر اذان کا جواب دوں گی (۳) ہر بار مع اوّل وآخِر دُرُود شریف اذان کے بعد کی دُعا پڑھوں گی (۴) روزانہ پانچوں نمازیں (۵) مستحب وقت میں (۶) خشوع وخضوع کیساتھ (۷) روزانہ تہجُّد (۸) اِشراق (۹) چاشْت اور (۱۰) اَوّابین کے نوافِل ادا کروں گی (۱۱) تِلاوت اور (۱۲) دُرُود شریف کی کثرت کروں گی (۱۳) روزانہ رات سورۃُ الْمُلك پڑھوں یا سُنوں گی (۱۴) تحصیلِ علم دین کی نیت سے دینی کتب کا مطالعہ (۱۵) سنتوں بھرے بیانات کی کیسٹیں و Live مدنی مذاکرات سنوں گی (۱۶) کم ازکم طاق راتوں میں صلوٰۃُ التَّسبیح ادا کروں گی (۱۷) حسبِ موقع مُلاقاتی اسلامی بہنوں پر اِنفرادی کوشش کروں گی (۱۸) زَبان اور آنکھوں کا قفلِ مدینہ لگاؤں گی یعنی فُضُول گوئی اور فضول نظری سے بچوں گی اور ممکن ہوا تو اِس نیّتِ خیر کے ساتھ ضَرورت کی بات بھی حتّٰی الامکان لکھ کر یا اشارہ سے کروں گی تاکہ فُضُول، یا بُری باتوں میں نہ جا پڑوں اور اگر کسی سے ضرورت کی بات کرنی پڑی تو نگاہیں نیچی کر کے بات کروں گی اور دوسرے کے چہرے پر نگاہیں گاڑ کر گفتگو کرنے سے بچوں گی (۱۹) پیٹ کا قُفلِ مدینہ لگاؤں گی یعنی خواہش سے کم کھاؤں گی (۲۰) فکرِ مدینہ کرتے ہوئے روزانہ مَدَنی اِنعامات کا رِسالہ پُر کروں گی اور اللہ توفیق دے تو قفلِ مدینہ کا کارڈ بھی لگاؤں گی۔(۲۱) اپنے لئے، گھر والوں اور ساری اُمّت کے لیئے دعائیں کروں گی۔

(فیضانِ سنت (تخریج شدہ) جلد اول ص 1191 مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)

رمضان المبارک کے آخری عشرے کے سنت اعتکاف کے لیئے 20 رمضان المبارک کو غروب آفتاب سے پہلے پہلے بہ نیت اعتکاف ''مسجد بیت'' میں داخل ہوجائیں۔ اگر غروب آفتاب کے بعد ایک لمحہ بھی تاخیر سے داخل ہونگی تو رمضان المبارک کے آخری عشرے کے اعتکاف کی سنت ادا نہ ہوگی۔

**روزانہ صبح صادق:** سے 60 منٹ قبل بیدار ہوکر بستر/ چٹائی/ چادر وغیرہ تہہ کرکے طبعی حاجات سے فراغت کے بعد اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ سحری کی سنت ادا فرمایئے۔ دوران طعام ہر لقمے پر ''یا واجد'' وغیرہ بھی پڑھیے۔ (اس کے لئے امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کا مرتب کردہ نیتوں والا کارڈ مکتبۃ المدینہ سے حاصل کیا جاسکتا ہے) بعد سحری ہر وقت باوضو رہنے کی نیت کے ساتھ وضو فرما کر تحیۃ الوضو اور تَہَجُّد کے نفل ادا فرمالیجیئے۔

**روزانہ کے اوراد:** روزانہ شجرہ شریف سے چند ''اوراد'' کم ازکم 70 بار استغفار، 166 بار لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ ، پھر 3 بار مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اور 12 منٹ آنکھیں بند کر کے 313 مرتبہ درود شریف پڑھیے (اس دوران تصورِ گنبدِ خضریٰ بھی کرسکتی ہیں) اذان کے وقت بات چیت، چلت پھرت، اٹھانا رکھنا، فون پر گفتگو وغیرہ تمام کام کاج موقوف کر کے اذان کا جواب دیجئے۔(یہ زندگی بھر کے لئے معمول بنالیجئے) خشوع وخضوع کے ساتھ نمازِ فجر ادا فرمائیے۔ بعد نماز پورے آداب کا خیال رکھتے ہوئے دُعائیں مانگئے اوراپنے والدین، استاد، پیرومرشد کی مغفرت، جنت کے حصول اور دوزخ سے پناہ کی کثرت سے دُعائیں مانگیں۔ ہر نماز میں اسی طرح اہتمام فرمائیے۔ سنت قبلیہ وبعد یہ اور نوافل کی ادائیگی کا بھی اہتمام فرمائیے۔

**بعد نمازِ فجر:** (30 منٹ) تلاوت کی جائے۔کم ازکم تین آیات کنزالایمان شریف سے مع ترجمہ و تفسیر پڑھنے یا سننے کا سلسلہ بھی کرسکتی ہیں (اگر خزائن العرفان پڑھنا دشوار معلوم ہوتو مفتی احمد یار خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کی تفسیر ''نورالعرفان'' پڑھیں کہ کافی آسان ہے اور یہ بھی کنزالایمان ہی کی تفسیر ہے اس کے علاوہ ''صراط الجنان'' (جلد اول و دوئم سے بھی تین آیات مع ترجمہ وتفسیر تلاوت کی جاسکتی ہے)''بعدِ اعتکاف'' (مدرسۃ المدینہ (بالغات) میں شرکت فرما کر بھی قرآن درست پڑھنا سیکھا جاسکتا ہے۔(ایک بار درست مخارج کے ساتھ قرآن پاک پڑھنے کی نیت بھی فرمالیجئے۔)طلوع آفتاب کے تقریباً 22 منٹ بعد تک ذکر ودرود وتلاوتِ قرآن اور مطالعہ میں مصروف رہیے اور وقت ہوجانے پر اشراق وچاشت کے نوافل ادا کیجئے، بعد نوافل وقت مناسب تک آرام کیجئے۔

